زینب

لجنہ اماء اللہ ناروے

اپریل، مئی، جون 2014ء



دعائیہ تحریک

(فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 30 مئی 2014)

*سورۃ الفاتحہ(کثرت سےپڑھیں) * درودشریف (نماز میں پڑھا جانے والا۔کثرت سے پڑھیں)

Hellig er Allah og all lovprisning tilkommer Deg (alene); Hellig er Allah den aller størst, velsign, Å Allah, Muhammad og Muhammads folk.	اللہ تعالیٰ پاک ہے اپنی حمد کے ساتھ، اللہ تعالیٰ پاک ہے بڑی عظمت والا ہے۔ اے اللہ محمد (ﷺ) پر اور آپؐ کی آل پر بڑی رحمتیں اور برکات نازل فرما۔	سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ
Jeg søker Allahs tilgivelse for alle mine synder og vender meg til Ham.	میں اپنے رب سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں اور اُسی کی طرف لوٹتا ہوں۔	اَسْتَغفِرُ اللّٰہِ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ۔
Å vår Herre, la utholdenhet strømme nedover oss, og styrk våre føtter, og hjelp oss mot det vantro folk.	اے اللہ ! ہم کو صبر دے اور ہمارے قدموں کو مضبوط کر دے اور ہماری مدد فرما کافر لوگوں کے مقابلہ میں۔	رَبَّنَا اَفْرِ غْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَا مَنَا وَ انْصُرْ نَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْن
Vår Herre, la ikke våre hjerter forderves etter at Du har rettledet oss, og skjenk oss barmhjertighet fra Deg, for Du er alene den som skjenker alle ting.	اے ہمارے رب! تو ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو کج نہ کر اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت (کے سامان) عطا کر۔ یقیناً تو ہی بہت عطا کرنے والا ہے۔	رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْ بَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَ ھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّاب۔
Å Allah, vi tar deg som skjold mot våre fiender, og vi søker tilflukt hos deg fra deres ondskap.	اے اللہ! ہم کرتے ہیں تجھے مقابلہ میں ان کافروں کے اور پناہ مانگتے ہیں تیری اُن کے تمام شرّ اور مضر اثرات سے۔	اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْ رِ ھِمْ وَ نَعُوْ ذُبِکَ مِنْ شُرُوْ رِ ھِمْ
O min herre,enhver ting er under Din kontrol.Så O min herre,beskyttt meg,hjelp meg og vis meg nåde.	اے میرے رب ہر ایک چیز تیری خادم ہے ۔اے میرے رب پس مجھے محفوظ رکھ اور میری مدد فرما اور مجھ پر رحم فرما۔	رَبِّ کُلُّ شَیْئٍ خَا دِمُکَ رَبِّ فَا حْفِظْنِیْ وَانْصُرْ نِیْ وَارْحَمْنِیْ
Vår herre,tilgi oss våre feil og våre synder i vår sak,og befest våre føtter og hjelp oss mot det vantro folk.	اے ہمارے رب!ہمارے گناہ بخش دے اور اپنے معاملے میں ہماری زیادتی بھی۔اور ہمارے قدموں کو ثبات بخش اور ہمیں کافر قوم کے خلاف نصرت عطا کر۔	رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا ذُ نُوْ بَنَا وَاِسْرَا فَنَا فِیْ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَا مَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْ مِ الْکٰفِرِیْنَ۔
Å min herre! Hør på min bønn og knus dine og mine fiender,oppfyl ditt løfte og hjelp din tjener,og vis oss våre dager og gjør sverdet ditt skarpere for oss og spar ikke en eneste av de ikke troende som bevisst vekker beskymring.	اے میرے رب میری دعا کو سن اور اپنے اور میرے دشمنوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے اور اپنا وعدہ پورا فرما اور ہمیں اپنے (وعدوں کے) دن دکھا اور اپنی تلوار ہمارے لئے سونت لے اور شریر کافروں میں سے کسی کو باقی نہ چھوڑ۔	یَا رَبِّ فَا سْمَعْ دُ عَا نِیْ وَمَزِّقْ اَ عْدَا نَکَ وَاَعْدَا نِیْ وَاَنْجِزْ وَعْدَکَ وَانْصُرْعَبْدَکَ وَاَرِنَا اَیَّا مَکَ وَشَھِّرْ لَنَا حُسَا مَکَ وَ لَا تَذَرْمِنَ الْکَا فِرِ یْنَ شَرِیْرًا۔

از طرف شعبہ تر بیت لجنہ اما ءِ اللہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

زینب

سہ ماہی

اپریل، مئی، جون 2014

مجلس ادارت

سرپرستِ اعلیٰ مکرم زرتشت منیر احمد خان صاحب

امیر جماعت احمدیہ ناروے

زیر نگرانی مکرمہ سیّدہ بشریٰ خالد صاحبہ

صدر لجنہ اماء اللہ ناروے

مدیرہ حصہ اردو، کتابت محترمہ منصورہ نصیر صاحبہ

مدیرہ حصہ نارویجن محترمہ مہرین شاہد صاحبہ

تقسیم واشاعت محترمہ منصورہ نصیر صاحبہ

پرنٹنگ محترمہ شمسہ خالد صاحبہ

شائع کردہ شعبہ اشاعت لجنہ اماء اللہ ناروے

Søren Bulls vei 1

1051 OslO

Tlf: +47 22322746

FAX: +47 22320211

فہرست مضامین

اداریہ	2
القران الکریم	3
حدیث	4
خلاصہ خطبہ جمعہ فرمودہ 24 مئی 2013ء	5
خلافت کی اہمیت و برکات	6
خلفاء کی قبولیتِ دُعا کے اعجاز	8
نظم	15
حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ اور اطاعتِ امام	16
''اِک وقت آئے گا کہ کہیں گے تمام لوگ''	19
نظم	22
حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کی تحریک نصرت جہاں سکیم اور اس کے ثمرات	23
نظم	25
خلافتِ رابعہ میں ہجرت کے اثمار	26
حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ امن کے پیامبر	29
لجنہ عہد	32
''خونِ شہیدانِ اُمّت کا اے کم نظر''	33
حضور کے ساتھ لجنہ اماء اللہ برطانیہ کے سوال وجواب	36
روزہ کی اہمیت	38
پکوان	40
صحت	41
یادرفتگان	42
دعائیہ اعلانات	44
اردو کا صفحہ	45
ناصرات کا صفحہ (شمسہ خالد اور مدیحہ محمود)	46

اداریہ

دسمبر 1907ء میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو الہام ہوا۔ "ستائیس کو ایک واقعہ"

اس الہام کے پانچ ماہ بعد ایک عظیم الشّان واقعہ رُونما ہوا۔ یہ کوئی معمولی واقعہ نہیں تھا۔ اِس واقعہ کی خبر خُداوند کریم نے پہلے سے ہی دے رکھی تھی۔ اُس دن امام مہدی علیہ السلام کے بعد عالمگیر غلبۂ اِسلام کے لیے ایک آسمانی نظام کی بنیاد رکھی گئی۔ 27 مئی کو الہام کے مطابق جماعتِ احمدیہ میں نظامِ خلافت قائم ہوا۔ سورۃ النّور کی آیتِ استخلاف میں اللہ تعالیٰ نے مومنوں سے خلافت کا وعدہ کرتے ہوئے اِنہیں یقین دلایا ہے کہ خلافت کے ذریعہ مومنوں کی خوف کی حالت کو ضرور اَمن کی حالت میں بدل دے گا۔

نبی اُس وقت آتا ہے جب دُنیا خرابی اور فساد سے بھر چکی ہوتی ہے اور ہر طرف شِرک اور ظُلمت کا دور دورہ ہوتا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی پہلی قدرت کی صورت ظاہر ہوتا ہے۔ اُس کے ذریعہ مومنوں کی ایک جماعت قائم ہوتی ہے۔ نبی کی وفات کے بعد حالات بہت تشویشناک ہوتے ہیں۔ دُنیا سمجھتی ہے کہ نبی کی وفات کے ساتھ ہی وہ مشن یا وہ جماعت ختم ہو جائیگی۔ دشمن تابڑ توڑ حملوں کے ذریعے سے نبی کے لگائے ہوئے ننھے سے پودے کو جڑ سے اُکھیڑ پھینکنے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ وقت مومنوں کے لئے خوف کا وقت ہوتا ہے۔ تب خُدا تعالیٰ مومنوں کی جماعت میں خلافت کا نظام قائم کرتا ہے اور اُن کی خوف کی حالت کو امن میں تبدیل کر دیتا ہے۔

آخرین کے اِس دور میں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود و مہدی موعود علیہ السلام کے بعد اپنے وعدہ کے مطابق جماعت احمدیہ کو خلافت علیٰ منہاج النبوّۃ کے عظیم الشّان نظام سے نوازا ہے۔ اپنی زندگی میں ہی حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اپنی جماعت کو تسلّی دیتے ہوئے اس کی بشارت دی تھی۔

جماعت احمدیہ کی تاریخ اس امر پر گواہ ہے کہ قدرتِ ثانیہ یعنی خلافتِ احمدیہ کی قیادت میں جماعت اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ترقی کی بُلند سے بُلند تر منزلیں طے کرتی چلی جا رہی ہے۔ تبلیغِ اسلام، تعلیم اور بے لوث خدمتِ انسانیّت کے میدان میں جماعت کی خدمات کا ساری دُنیا اعتراف کر رہی ہے۔ محبّت، پیار اور امن و سلامتی کا پیغام آج ساری دُنیا میں خلافت کے بابرکت نظام کے ذریعہ پھیل رہا ہے۔

ایم ٹی اے اور دیگر الیکٹرونک روابط کے ذریعہ اللہ کی اَمانت کو دُنیا کے ہر کونے پہنچایا جا رہا ہے۔ دُنیا کی ہر زبان میں لٹریچر شائع کیا جا رہا ہے۔ ستّر سے زائد زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم تیار ہو کر شائع ہو چکے ہیں۔ جماعت خلافت کے بابرکت سایہ میں 204 سے زائد ممالک میں منظّم اور مستحکم ہو چکی ہے۔ احمدیوں کی تعداد دُنیا میں کروڑوں تک جا پہنچی ہے۔ اور **یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا** کا ایمان اَفروز نظارہ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔

1934ء میں احرار کا فتنہ اُٹھا۔ اُن کا خیال تھا کہ جماعت احمدیہ کا نام و نشان مٹا دیا جائے گا۔ 1947ء میں قادیان سے پاکستان کی ہجرت اور بے سروسامانی، 1947ء میں جماعت کے خلاف ملک گیر ہنگامے، اور 1974ء کے فسادات قتل و غارت گری کے بعد جماعت کے خلاف حکومت کی قانون سازی، 1984ء میں رسوائے زمانہ آرڈیننس کا اِجراء اور پاکستان کے فوجی ڈکٹیٹر کا اعلان کہ وہ احمدیت کو ختم کر کے دم لے گا، اِن مصائب و آلام سے جماعت جس مومنانہ استقامت کے ساتھ گزری ہے اور ہر خوف کی حالت امن میں تبدیل ہوتی رہی ہے۔ یہ سب خلافت کی برکت ہی تو تھی۔ خُدا تعالیٰ نے جماعتِ احمدیہ کو خلافت کے انعام سے سرفراز کیا ہے۔ وہ خلیفۂ وقت کو قبولیتِ دُعا کا اعجاز بھی عطا کرتا ہے۔ **حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے فرمایا:** ''اللہ تعالیٰ جس کسی کو منصبِ خلافت پر سرفراز کرتا ہے تو اُس کی دُعاؤں کی قبولیّت کو بڑھا دیتا ہے۔''

اگر ہم چاہتے ہیں کہ خلافت کی برکات سے مُستفید ہوں تو ہمیں اپنے پیارے خلیفہ سے محبت اور اطاعت کا ذاتی تعلق پیدا کرنا ہوگا۔ خلافت سے محبت کا تقاضا یہ ہے کہ نہ صرف خلیفۂ وقت کی اطاعت کی جائے بلکہ نظامِ خلافت کی طرف سے قائم کردہ نظامِ جماعت اور اُس کے ایک ایک عہدیدار کی اطاعت کرنا ہم اپنا فرض اَوّلین خیال کریں۔

اے خُدا تُو ہمیں اِس کی توفیق عطا فرما کہ ہم خلیفۂ وقت کی اطاعت کرتے ہوئے مُحبّت اور پیار کے ساتھ نظامِ خلافت کی بھی تعاون کریں۔ اور زندگی کے آخری سانس تک وفا کے عہد کو نبھاتے چلے جائیں۔ آمین

القرآن کریم

سورۃ الصّف

وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ
اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ
مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ
وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ
اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا
هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٧

۷۔اور (یاد کرو) جب عیسیٰ بن مریم نے کہا اے بنی اسرائیل! یقیناً میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں۔اس کی تصدیق کرتے ہوئے آیا ہوں جو تورات میں سے میرے سامنے ہے اور ایک عظیم رسول کی خوشخبری دیتے ہوئے جو میرے بعد آئے گا جس کا نام احمد ہوگا۔پس جب وہ کھلے نشانوں کے ساتھ ان کے پاس آیا تو انہوں نے کہا یہ تو ایک کھلا کھلا جادو ہے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ
الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٨

۸۔اور اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جُھوٹ گھڑے حالانکہ اُسے اسلام کی طرف بلایا جا رہا ہو۔اور اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ
وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝٩

۹۔وہ چاہتے ہیں کہ وہ اپنے منہ کی پھونکوں سے اللہ کے نور کو بجھا دیں حالانکہ اللہ ہر حال میں اپنا نور پورا کرنے والا ہے خواہ کافر ناپسند کریں۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ
الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ
الْمُشْرِكُوْنَ ۝١٠ ع ۱ ۱۰ ۹

۱۰۔وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا تا کہ وہ اُسے دین (کے ہر شعبہ) پر کلیۃً غالب کردے خواہ مشرک بُرا منائیں۔

(اردو ترجمہ بیان فرمودہ حضرت مرزا طاہر احمد)

حدیث نبوی ﷺ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے سنا ''سب اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہوتا ہے اور ہر انسان کو اس کی نیت کے مطابق ہی بدلہ ملتا ہے پس جس شخص نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی خاطر ہجرت کی (اور ان کی خوشنودی کے لئے اپنے وطن اور خواہشات کو ترک کیا) اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے لئے ہی ہوگی لیکن جس نے دُنیا حاصل کرنے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کی خاطر ہجرت کی تو اس کی ہجرت کی غرض خدا تعالیٰ کے نزدیک بھی یہی سمجھی جائے گی اور ثواب میں سے اس کو کچھ نہیں ملے گا۔'' (حدیقۃ الصالحین صفحہ 1)

کلام الامام

ارشاد سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام:

''اے حق کے بھوکو اور پیاسو! سن لو کہ یہ وہ دن ہیں جن کا ابتداء سے وعدہ تھا۔ خدا ان قصوں کو بہت لمبا نہیں کرے گا اور جس طرح تم دیکھتے ہو کہ جب ایک بلند مینار پر چراغ رکھا جائے تو دُور دُور تک اس کی روشنی پھیل جاتی ہے اور یا جب آسمان کے ایک طرف بجلی چمکتی ہے تو سب طرفیں ساتھ ہی روشن ہو جاتی ہیں۔ ایسا ہی اِن دنوں میں ہوگا۔ کیونکہ خدا نے اپنی پیشگوئی کے پورا کرنے کے لیے کہ مسیح کی منادی بجلی کی طرح دنیا میں پھر جائے گی یا بلند مینار کے چراغ کی طرح دُنیا کے چار گوشہ میں پھیلے گی زمین پر ہر ایک سامان کر دیا ہے اور ریل اور تار اور اگن بوٹ اور ڈاک کے احسن انتظاموں اور سیر و سیاحت کے سہل طریقوں کو کامل طور پر جاری فرما دیا ہے۔ سو یہ سب کچھ پیدا کیا گیا تا وہ بات پوری ہو کہ مسیح موعود علیہ السلام کی دعوت بجلی کی طرح ہر ایک کنارہ کو روشن کرے گی۔ اور مسیح کا منارہ جس کا حدیثوں میں ذکر ہے دراصل اس کی بھی یہی حقیقت ہے کہ مسیح کی ندا اور روشنی ایسی جلد دُنیا میں پھیلے گی جیسے اُونچے مینار پر سے آواز اور روشنی دُور تک جاتی ہے۔ اس لیے ریل اور تار اور اگن بوٹ اور ڈاک اور تمام اسباب سہولت تبلیغ اور سہولت سفر مسیح کے زمانہ کی ایک خاص علامت ہے جس کو اکثر نبیوں نے ذکر کیا ہے۔ اور قرآن بھی کہتا ہے وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ (التکویر: آیت ۵) یعنی عام دعوت کا زمانہ جو مسیح موعود کا زمانہ ہے وہ ہے جب کہ اونٹ بے کار ہو جائیں گے۔ یعنی کوئی ایسی نئی سواری پیدا ہو جائے گی جو اونٹوں کی حاجت نہیں پڑے گی۔ اور حدیث میں بھی ہے کہ یُتْرَکُ الْقِلَاصُ فَلَا یُسْعٰی عَلَیْھَا۔ یعنی اس زمانہ میں اونٹ بے کار ہو جائیں گے۔ اور یہ علامت کسی اور نبی کے زمانہ کو نہیں دی گئی۔

سو شکر کرو کہ آسمان پر نور پھیلانے کے لئے تیاریاں ہیں۔ زمین میں زمینی برکات کا ایک جوش ہے یعنی سفر اور حضر میں اور ہر ایک بات میں وہ آرام تم دیکھ رہے ہو جو تمہارے باپ دادوں نے نہیں دیکھے۔ گویا دنیا نئی ہوگئی۔ بے بہار کے میوے ایک ہی وقت میں مل سکتے ہیں۔ چھ مہینے کا سفر چند روز میں ہو سکتا ہے۔ ہزاروں کوسوں کی خبریں ایک ساعت میں آسکتی ہیں۔ ہر ایک کام کی سہولت کے لئے مشینیں اور کلیں موجود ہیں۔ اگر چاہو تو ریل میں یوں سفر کر سکتے ہو جیسے گھر کے ایک بستان سرائے میں۔ پس کیا زمین پر ایک انقلاب نہیں آیا؟ پس جب کہ زمین پر ایک عجوبہ نما انقلاب پیدا ہو گیا اس لئے خدائے قادر چاہتا ہے کہ آسمان میں بھی ایک عجوبہ نما انقلاب پیدا ہو جائے اور یہ دونوں مسیح کے زمانہ کی نشانیاں ہیں۔'' (گورنمنٹ انگریزی اور جہاد، روحانی خزائن جلد ۱۷ مطبوعہ لندن، صفحہ ۱۵ تا ۱۷)

خلافت کے انعام سے فیض پانے، اعمال صالح بجالانے اور عبادت واطاعت کے اعلیٰ معیار قائم کرنے کی تلقین

یقیناً اللہ کی تقدیر یہی ہے کہ خلافت احمدیہ کا سلسلہ دائمی ہے

یہ مت خیال کرو کہ خدا تمہیں ضائع کر دے گا، تم خدا کے ہاتھ کا ایک بیج ہو، یہ بیج بڑھے گا، پھولے گا اور ایک بڑا درخت ہو جائے گا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مؤرخہ 24 مئی 2013ء کو بیت النور کیلگری کینیڈا میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جو کہ مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے پر براہِ راست نشر کیا گیا، حضور انور نے خطبہ کے آغاز میں سورۃ النور کی آیات 52 تا 57 کی تلاوت وترجمہ کے بعد فرمایا کہ 27 مئی کا دن جماعت احمدیہ میں یوم خلافت کے طور پر منایا جاتا ہے۔ حضور انور نے اس دن کی اہمیت بیان کی۔ خلافت کے قیام کی بابت آنحضرت ﷺ کی حدیث کی تشریح وتوضیح بیان کی اور فرمایا کہ رسالہ وصیت میں جہاں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اپنے اس دُنیا سے رخصت ہونے کی خبر دی وہاں جماعت کی روحانی، مالی اور انتظامی طریق کار کو بھی واضح فرما دیا اور اس کے قائم ہونے اور ہمیشہ رہنے کی خبر دی۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا دیکھنا بھی ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا۔ میں جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم گذشتہ 105 سال سے اللہ تعالیٰ کے اس وعدہ کو پورا ہوتا دیکھ رہے ہیں۔ جماعت پر مختلف دور آئے لیکن جماعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپنی ترقی کی منازل پر بڑی تیزی سے آگے بڑھتی چلی جارہی ہے۔ خلافت احمدیہ کے ساتھ خدا تعالیٰ کی تائیدات کا سلسلہ مسلسل جاری ہے۔ پیشگوئی کے مطابق خلافت کا یہ سلسلہ دائمی ہے۔ یقیناً یہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر ہے اور آئندہ بھی یہ نظام اللہ تعالیٰ کے فضل سے جاری رہے گا۔

حضور انور نے فرمایا کہ تلاوت کی گئی آیات میں خلافت سے فیض پانے والوں کی بعض نشانیاں بتائی گئی ہیں وہ سمعنا واطعنا پر عمل پیرا ہوتے ہیں، وہ اپنے معاملات خدا اور اس کے رسول ﷺ کے فیصلوں کے مطابق طے کرتے ہیں۔ ضمناً فرمایا کہ خلیفہ وقت کی نمائندگی میں جماعت کے کارکن اور عہدیدران اگر خدا تعالیٰ کا خوف رکھتے ہوئے اور تقویٰ سے کام لیتے ہوئے فیصلے نہیں کریں گے یا اپنے مفوضہ کام سرانجام نہیں دینگے تو وہ خلیفہ وقت کو بھی بدنام کر رہے ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کے آگے خود بھی گنہگار بن رہے ہونگے اور خلیفہ وقت کو بھی گنہگار بنا رہے ہوں گے۔ پس خاص طور پر قاضی صاحبان، عہدیدران اور امراء جن کے سپرد فیصلوں کی ذمہ داری بھی ہے ان کو انصاف پر قائم رہتے ہوئے خلافت کی مضبوطی کا باعث بننے کی کوشش کرنی چاہئے۔ ورنہ وہی لوگ جو بظاہر عہدیدار ہیں خلافت اور نظام جماعت کی جڑیں کھوکھلی کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ فرمایا کہ ہم ہر اجتماع پر عہد تو کرتے ہیں کہ خلیفہ وقت جو بھی معروف فیصلہ فرمائیں گے اس کی پابندی کرنی ضروری سمجھیں گے لیکن بعض چھوٹی چھوٹی باتوں کی بھی پابندی نہیں کرتے بلکہ قرآن کے جو احکامات ہیں ان کی بھی پابندی کرنے کی کوشش نہیں کرتے۔ حضور انور نے بعض مستورات کے پردہ کی حکم عدولی کی مثال دی۔ فرمایا نماز ایک بنیادی حکم ہے لیکن اس میں ہمارے اچھے بھلے کارکن بھی سستی دکھا جاتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میری بیعت کچھ فائدہ نہیں دے گی اگر اس کے ساتھ عمل صالح نہیں۔

حضور انور نے فرمایا خلافت کا وعدہ مشروط ہے جب یہ شرطیں پوری ہوں گی تو پھر تمکنت بھی حاصل ہوگی اور خوف کی حالت بھی امن میں بدلتی جائے گی۔ افراد جماعت کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ تقویٰ پر چلنا، نمازوں کا قیام اور مالی قربانی میں بڑھنا انہیں خلافت کے فیض سے فیضاب کرتا چلا جائے گا۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اگر تمہاری زندگی اور تمہاری موت اور تمہاری ہر ایک حرکت اور تمہاری نرمی اور گرمی محض خدا تعالیٰ کے لئے ہو جائے گی اور ہر ایک تلخی اور مصیبت کے وقت تم خدا کا امتحان نہیں کرو گے اور تعلق کو نہیں توڑو گے بلکہ آگے قدم بڑھاؤ گے تو میں سچ سچ کہتا ہوں کہ تم خدا کی خاص قوم ہو جاؤ گے۔ خدا کی عظمت اپنے دلوں میں بٹھاؤ، کینہ پروری سے پرہیز کرو اور بنی نوع سے سچی ہمدردی کے ساتھ پیش آؤ۔ ہر ایک نیکی کی راہ اختیار کرو نامعلوم کس راہ سے تم قبول کئے جاؤ۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سب کا خلافت احمدیہ سے سچا اور وفا کا تعلق قائم فرمائے۔ اطاعت اور عبادتوں کے اعلیٰ معیار حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے تا کہ خلافت کے انعام سے ہمیشہ فیضاب ہوتے رہیں۔ آمین (روزنامہ الفضل 29 مئی 2013ء)

خلافت کی اہمیت و برکات

(عتیقہ خلیل صاحبہ مجلس بیت النصر)

جہاں تک انسانی معاشرہ میں نظام کا تعلق ہے، یہ دُنیا کے ہر خطہ، ہر ملک اور ہر قبیلہ میں موجود ہے اور اس کا ہر جگہ ہونا اس بات کی قطعی دلیل ہے کہ یہ واقعی فطرت کی آواز ہے۔ لیکن ان نظاموں میں آئے دن پیدا ہونے والی گڑبڑ اور تبدیلیاں، برپا ہونے والے انقلابات اور رونما ہونے والے فسادات کی وجہ سے، اس بات پر یقین آجاتا ہے کہ یہ حقیقی نظام نہیں ہیں۔ ان میں مرکزیت کی وہ فطری رُوح نہیں ہے جو خدا تعالیٰ کی منشاء کے مطابق ہے۔

خدا تعالیٰ تو چاہتا ہے کہ بنی نوع انسان پرسکون زندگی بسر کرے پورے اطمینان کے ساتھ اس دُنیا میں رہے۔ اس نقطہء نظر کو سامنے رکھ کر جب ہم ساری دُنیا میں مختلف نظاموں کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں اس سوال کا جواب صرف اور صرف خدا تعالیٰ کی نازل کردہ کتاب قرآن کریم میں ملتا ہے جس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ

ترجمہ۔ اللہ نے تم میں سے ایمان لانے والوں سے وعدہ کیا ہے کہ وہ اس زمین میں خلیفہ بنائے گا جس طرح ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا تھا اور جو دین اُس نے اِن کے لیئے پسند کیا ہے وہ اِن کے لیئے مضبوطی سے قائم کردے گا اور اِن کے خوف کے بعد وہ اِن کو امن کی حالت میں بدل دے گا اور وہ میری عبادت کریں گے اور کسی چیز کو میرا شریک نہیں ٹھہرائیں گے اور جو لوگ اس کے بعد بھی انکار کریں گے وہ نافرمانوں میں سے قرار دیئے جائیں گے۔ (سورۃ النور)

لغت کی رو سے خلافت کے معنی جانشینی کے ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں، خلیفہ کے معنی جانشینی کے ہیں جو تجدید دین کرے۔ نبیوں کے زمانے کے بعد جو تاریکی پھیل جاتی ہے اِس کو دور کرنے کے واسطے، جو اِن کی جگہ آتے ہیں اِن کو خلیفہ کہتے ہیں۔ پس خلافت نبوت کی جانشینی ہے اور خلیفہ نبی کے شروع کیئے ہوئے مشن کو خدا تعالیٰ سے راہنمائی حاصل کرکے نبی کی نشان کردہ راہوں پر چلتے ہوئے آگے سے آگے بڑھاتا، اور نہ صرف اِس کے تشنہ تکمیل منصوبوں اور سکیموں کو تکمیل تک پہنچاتا ہے بلکہ اس کی بعثت کی غرض کو پورا کرنے کی خاطر وہ نئے پروگراموں اور منصوبوں کی بناء بھی ڈالتا ہے اور اس طرح سے تجدید دین کرتا ہے اور اپنے فرائض کو پوری شدت، جوش وخروش اور تیزی کے ساتھ ادا کرتا ہے۔ کیونکہ لفظ خلیفہ مبالغہ کا صیغہ ہے خلافت حقہ کا تصور، جو خدا تعالیٰ کی طرف سے قائم ہوتا ہے اور جو دُنیا کے ہر نظام سے ہر پہلو میں کہیں بہتر اور زیادہ موثر ہے۔

خلافت کی برکات بنیادی اور اصولی طور پر دو طرح کی ہوتی ہیں۔ 1۔ تمکنت دین 2۔ ازالہ خوف

دین کی اشاعت اس کی وسعت، اس کا استحکام، فتوحات، منظّم

اور مربوط طور پر اس کی عمارت کو بلند کرنا اور یہ سب باتیں جو بعد میں آنے والے خلفاء کے زمانے میں پوری ہوتی ہیں وہ خلافت کی برکات ہوتی ہیں۔اللہ تعالیٰ نے حضرت مصلح موعودؓ کو آپ کے دورِ خلافت کی ابتداء میں فرمایا۔

''مبارک ہو قادیان کی غریب جماعت! خلافت کی رحمتیں اور برکتیں تم پر نازل ہوتی ہیں۔''

خلیفہ وقت کو خدا تعالیٰ کی طرف سے ایسا ولولہ اور ایسی اُمنگ عطا ہوتی ہے کہ وہ اس کی بدولت تمکنت دین کے لیئے ہر قسم کے نامساعد حالات کے باوجود کسی بھی ضروری اقدام کرنے سے گریز نہیں کرتے۔

حضرت مصلح موعودؓ نے فرمایا۔

امام اور خلیفہ کی ضرورت یہی ہے کہ ہر قدم پر جو مومن اٹھاتا ہے اُس کے پیچھے اُٹھاتا ہے اپنی مرضی اور خواہشات کو اُس کی مرضی اور خواہشات کے تابع کرتا ہے اپنی تدبیروں کو اس کی تدبیروں کے تابع کرتا ہے اپنے ارادوں کو اُس کے ارادوں کے تابع کرتا ہے۔پس کامیابی اُسی کو ملتی ہے جو اپنے آپ کو مکمل طور پر خلافت سے وابستہ رکھتا ہے کامیابی اُسے ملتی ہے جو اپنا سب کچھ خلافت پر نثار کرتا ہے کامیابی اُسے ملتی ہے جو خلیفہ وقت کی دُعائیں حاصل کرتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ جب کسی کو منصبِ خلافت سے سرفراز کرتا ہے تو اُس کی دُعاؤں کی قبولیت کو بڑھا دیتا ہے کیونکہ اگر اس کی دُعائیں قبول نہ ہوں تو پھر اس کے انتخاب کی ہتک ہوتی ہے۔

پس خدا تعالیٰ خلیفہ وقت کو ایسی غیر معمولی شجاعت و بہادری اور اس کے ساتھ ایسی فراست عطا فرماتا ہے کہ اگر ہر شخص اس کے ساتھ کامل فرمانبرداری کا نمونہ دکھادے تو ہر قسم کی مشکلات اور آفات و مصائب کے بادل دیکھتے ہی دیکھتے چھٹ جاتے ہیں۔

پس آج جماعت احمدیہ کا ہر بچہ، بوڑھا اور نوجوان اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ کی اس بارے میں فعلی شہادت گزشتہ ایک صدی سے پوری ہوتی دیکھی ہے اور دیکھ رہا ہوں اور نہ صرف احمدی بلکہ غیر از جماعت بھی اس بات کو تسلیم کرتے ہیں۔گزشتہ مثالیں تو بہت ساری ہیں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی وفات کے بعد پھر حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کی وفات کے بعد پھر حضرت مصلح موعودؓ کی وفات کے بعد، پھر خلافت خامسہ کے انتخاب کی کاروائی ایم ٹی اے پر دیکھ کر، جو ایم ٹی اے پر دکھائی گئی تھی۔مخالفین نے یہ اعتراف کیا کہ تمہارے سچے ہونے کا تو ہمیں پتہ نہیں لیکن یہ بہر حال پتہ لگ رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادت تمہارے ساتھ ہے۔تو بہر حال یہ اللہ تعالیٰ کا جماعت احمدیہ پر بہت بڑا احسان ہے اور اس کی نعمت ہے جس کا جتنا بھی شکر ادا کریں کم ہے اور یہ شکر ہی ہے جو اس نعمت کو بڑھاتا چلا جائے گا جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

''یعنی اگر تم شکر گزار بنے رہو تو میں اور بھی زیادہ دوں گا اس نعمت کے جو افضال ہیں ان سے میں تمہیں بھرتا چلا جاؤں گا۔''

پس خلافت ایک عظیم نعمت ہے اور اس کی عظمت ہم پر بہت بڑی ذمہ داریاں بھی ڈالتی ہیں اور وہ یہ ہے کہ ہم خلافت کے قائم رکھنے کی پوری کوشش کریں اور اس کے لیئے ہر ممکن قربانی سے کبھی بھی اور ذرہ بھر بھی گریز نہ کریں لیکن یہ تو اسی وقت ہوسکتا ہے جب ہم میں سے ہر ایک کے دل میں خلافت کا پیار اور محبت کوٹ کوٹ کر بھر جائے۔اور خلافت سے سچے پیار اور تعلق کی کنجی ،خلافت جوبلی کی دُعاؤں اور اطاعت کی صورت میں ہمارے پاس موجود ہے اللہ تعالیٰ ہمیں خلافت سے سچا اور حقیقی تعلق قائم کرنے کی توفیق دے۔آمین

خلفاء کی قبولیتِ دُعا کے اعجاز

اللہ تعالیٰ کا ہم پر بہت بڑا احسان ہے کہ اس نے ہمیں خلافت کی نعمت سے نوازا ہے چونکہ خلیفہ خُدا بناتا ہے۔اس لئے وہ اس کی دُعاؤں کو سنتا اور قبول کرتا ہے۔اُس کے دِل میں جماعت کی محبت ڈالتا ہے اور جماعت کے لوگوں کو بھی اُس کی محبت سے سرشار کر دیتا ہے۔

خلیفۃ المسیح کی دُعا کی قبولیت کے چند واقعات قارئین کی خدمت میں اِزدیادِ ایمان کے لئے پیش کئے جا رہے ہیں:۔

محترمہ طاہرہ زرتشت صاحبہ تحریر کرتی ہیں:۔

یہ واقعہ چند ہی دن پیشتر کا ہے۔میرے میاں جماعتی کام سے نارتھ کیپ گئے ہوئے تھے۔شام کے وقت ہماری چھوٹی بیٹی حبۃ الرحمٰن کا فون آیا اور اس نے بتایا کہ اُس کے بیٹے عفّان کی طبیعت اچانک بگڑ گئی ہے۔اُس کی تشویشناک حالت کے پیشِ نظر ایمبولینس میں لے کر ہسپتال جا رہی ہوں۔وہ روتی جا رہی تھی کہ بہت دُعا کریں اور جس قدر جلدی ہو سکے حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں دُعا کی درخواست لکھ کر فیکس کر دیں۔میں نے پوچھا بچے کو کیا ہوا ہے؟ ابھی چند گھنٹے پہلے جب میں آپ سے بات کر رہی تھی تو وہ بالکل ٹھیک تھا۔ تھا۔وہ میری بات کا جواب نہ دے سکی۔وہ روتی جا رہی تھی کہ آپ خود بھی دُعا کریں اور جس قدر جلد ممکن ہو۔حضور کی خدمت میں دُعا کی فیکس کر دیں کیونکہ عفّان کی حالت خطرے میں ہے۔

لہٰذا اُسی وقت عاجزہ نے حضورِ انور کی خدمت میں ایک عریضہ دُعا کی غرض سے فیکس کر دیا اور خود بھی دُعا میں لگ گئی۔ بچے کو ایمرجنسی وارڈ میں داخل کیا گیا۔کوئی چیز اس کے اندر ٹھہر نہیں رہی تھی۔مسلسل قے کر کے نڈھال اور بے ہوش ہو چکا تھا۔

بہرحال میں روزانہ حضورِ انور کی خدمت میں تازہ صورت حال تحریر کرتے ہوئے دُعا کی درخواست کرتی رہی۔چوتھے دن بتایا گیا کہ آج بچے کو بے ہوش کر کے کوئی ٹیسٹ لینا ہے۔ ڈاکٹروں نے بتایا کہ بسا اوقات بعض بچے اِسی بے ہوشی کی حالت میں چل بستے ہیں۔چنانچہ بہت پریشانی میں حُضورِ انور کی خدمت میں ایک اور درخواست فیکس کی۔

چند گھنٹوں کے بعد مجھے میری بیٹی کا فون آیا اور اُس نے بتایا کہ بچّہ بے ہوشی کے بعد بہت جلد ہوش میں آ گیا۔اور اتنی جلدی ہوش میں آنا ڈاکٹروں کے لئے باعثِ حیرت تھا۔جب اُسے اپنے کمرے میں واپس لایا گیا تو بجائے لیٹنے اور رونے کے اُن کے ہاتھوں میں بیٹھا مسکرا رہا تھا۔مزید چیک اَپ کے بعد ڈاکٹروں نے بتایا کہ تمام خدشات اور خطرات دُور ہو چکے ہیں اور بتایا کہ ہم حیران ہیں کہ بیماری کے سلسلہ میں ہمیں جو شکوک تھے۔ٹیسٹ کے رزلٹ میں اُن کا نشان تک بھی نہیں ہے۔ بالآخر ایک ہفتہ کے بعد اِس بچّہ کو ہسپتال سے فارغ کر دیا گیا۔ بچے کی اِس بیماری کے دوران ہمارے پیارے آقا اِس بچے کی

صحت کے لئے دُعا کرتے رہے۔ ایک دن عاجزہ کو اس کی حالت کے متعلق اطلاع دینے میں کوتاہی ہوگئی تو حضُور اِنور نے اپنے ایک سٹاف ممبر کے ذریعہ بذریعہ فون بچّے کی حالت کے بارے میں دریافت فرمایا۔ ہمارے جان سے پیارے خلیفۃ المسیح کا محبّت، پیار اور شفقت کا سلوک اور خلیفۂ وقت کی استجابتِ دُعا کا اعجاز جماعت کا ہر فرد خود مشاہدہ کرتا ہے۔

دوسرا واقعہ خلافتِ رابعہ کے دور کا ہے:۔

ہم اُن دِنوں اوسلو کے ایک مضافاتی علاقے ہولملیا میں رہائش پذیر تھے۔ ہمارے آس پاس نارویجن اور پاکستانیوں کے علاوہ کچھ کُرد اور ٹرکش خاندان بھی آباد تھے۔

ایک کُرد فیملی جو ہمارے گھر کے قریب ہی رہائش رکھتی تھی۔ اُن کی تین بیٹیاں تھیں جو میری بچیوں کی ہم عمر تھیں۔ یہ بچیاں اکثر مل کر کھیلا کرتی تھیں۔ اُن کی ایک بیٹی کے پاؤں میں تکلیف تھی وہ اکثر چلتے چلتے یا کھیلتے ہوئے تکلیف کی وجہ سے بیٹھ جاتی۔ ہماری بیٹی دُرِّثمین نے ایک دن ہمیں بتایا کہ اِس لڑکی کے پاؤں میں تکلیف زیادہ ہوگئی ہے۔ اُس کے پاؤں کا انگوٹھا بالکل ڈیڈ ہو چکا ہے۔ جس کی وجہ سے باقی پاؤں میں بھی تکلیف کے پھیلنے کا اندیشہ ہے۔ ڈاکٹروں نے کہا ہے۔ اِس پاؤں کو کاٹنا پڑے گا ورنہ آہستہ آہستہ ساری ٹانگ ہی بے کار ہو جائی گی۔ اُس بچّی کی والدہ نے بھی جب اِس تکلیف کو وضاحت کے ساتھ بیان کیا تو میں نے اُنہیں بتایا کہ ہمارے پیارے خلیفۃ المسیح دُعا بھی کرتے ہیں اور ہومیو پیتھی ادویات کے ساتھ علاج بھی تجویز کرتے ہیں۔ اگر آپ کو اعتراض نہ ہو اور آپ کو اِنشراحِ قلب ہو تو ہومیو پیتھی دوائی کا اِنتظام ہوسکتا ہے۔ نیز ہم اپنے خلیفہ کی خدمت میں دُعا کے لئے خط بھی لکھ دیں گے۔ ہمیں یقین ہے کہ خدا تعالیٰ اُن کی دُعا کو قبول فرماتے ہوئے اللہ نے چاہا تو شفا ہو جائے گی۔ وہ خاتون کہنے لگیں۔ ہم کافی دیر سے اس بچّی کا علاج کروا رہے ہیں مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ اگر ہماری بچی کو شفاء ہو جائے تو اس سے بڑی خوشی کی بات ہمارے لئے کیا ہو سکتی ہے۔

چنانچہ میں نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کی خدمت میں دُعا کے لئے خط لکھا اور حضُور کا تجویز کردہ ہومیو پیتھی دوائی کا ایک نسخہ تیار کر کے اُس بچی کو دیا۔ کچھ عرصہ اُس بچّی نے وہ دوائی کھائی۔ آہستہ آہستہ اس کی اِنفیکشن بالکل ختم ہوگئی اور ایک دن وہ ہمارے گھر آئی خوشی سے پھُولی نہیں سما رہی تھی۔ اُس نے اپنا پاؤں دکھایا اور وہ انگوٹھا جو مُردہ ہو چکا تھا اب حرکت کر رہا تھا۔ چند دنوں میں وہ مکمل شفاء یاب ہوگئی۔ اُس کی والدہ کی خوشی و مسرت دیدنی تھی اور وہ اکثر خلیفۃ المسیح الرابع کو اپنا سلام لکھوایا کرتی تھی۔ یہ خلیفۃ المسیح کی استجابتِ دُعا کا ایک ایسا اعجاز تھا جسے ایک کٹر غیر احمدی خاندان نے مشاہدہ کیا۔

محترمہ سیّدہ بشریٰ خالد صاحبہ تحریر کرتی ہیں:۔

خاکسار کی زندگی خلافت کی برکتوں سے بھری پڑی ہے۔ اپنی صحت اور جماعتی ذمہ داری کی وجہ سے میں نے اپنی جاب 50% کم کر دی۔ ادارے نے مجھے بلایا اور کہا کہ آپ کوئی آسان جاب ڈھونڈیں اور کام کریں ورنہ پیسے بند کر دیں گے۔ میں نے حضور اِنور کی خدمت میں ساری تفصیل دُعا کی غرض سے لکھی اور خاص طور پہ اس بات کی درخواست کی کہ اللہ میرے چندے میں کمی نہ کرے۔ پیارے آقا کا محبت بھرا دُعائیہ خط آیا کہ اللہ

آپ کی تمام پریشانیاں دُور کرے اور اپنے فضلوں سے نوازے غلامِ مسیح الزماں کی دُعا کا تیر چلا۔ مجھے دوبارہ میٹینگ پے بلایا گیا میری شیف میرے ساتھ گئی۔ اللہ اس بات پہ گواہ ہے کہ میٹینگ میں میری شیف میری تائید میں بولتی رہی کہ اس کو زیادہ کام پہ زور نہ دیں ورنہ یہ جو ہمارے پاس 50% کام کرتی ہے اس سے بھی رہ جائے گی۔ حیرت اس وقت مجھے زیادہ ہوئی جب ادارے کی ممبر نے جو پچھلی میٹینگ میں بہت سختی سے بول رہی تھی، نہایت نرمی سے کہنے لگی کہ میں نے بھی اس بات پہ غور کیا ہے کہ اس کو پریشان نہیں کرنا چاہیے۔ میں اس کا کیس آگے خود بھیجوں گی اور اس کے پیسے بھی بند نہیں کروں گی۔ اللہ گواہ ہے جو خاکسار ایک لفظ اپنی حمایت میں بولی ہو۔ ایسا لگتا تھا کہ اللہ نے خلیفہ وقت کی دُعا سے دو فرشتے مقرر کر دیے تھے جو میرے حق میں بول رہے ہیں۔ مجھے آج تک یاد نہیں کہ میں نے حضورِ انور کی خدمت میں کسی کام کی غرض سے دُعائیہ خط لکھا ہو اور وہ کام نہ ہوا ہو۔ اللہ میرے آقا کی صحت و عمر میں برکت عطا کرے۔ آمین

محترمہ اَمتہ القدوس قدسیہ صاحبہ تحریر کرتی ہیں:۔

یوں تو ہر احمدی کی زندگی خلافت سے دلی وابستگی کی وجہ سے ایسے معجزات سے بھری پڑی ہے کہ کسی بھی تکلیف، پریشانی یا کسی مسئلہ کے موقع پر خدا پر بھروسہ کرتے ہوئے خلیفہ وقت کو دُعا کا لکھا ہو اور خط پوسٹ کرنے سے پہلے ہی قبولیت کی گھڑی شروع ہو جاتی ہے۔ فالحمدللہ علیٰ ذالک۔ لیکن آج میں آپکو دو ایسے واقعات قبولیت دُعا کے بتاؤں گی جن سے ظاہر ہوگا کہ وہ غیر از جماعت بہنوں نے بھی کس طرح خلافت کی برکات سے فائدہ اٹھایا۔

یہ 2010ء کی بات ہے۔ میری ایک غیر احمدی دوست راستے میں مجھے ملی۔ وہ اپنے میاں کے ویزے کی وجہ سے بہت پریشان تھی۔ اس کے وکیل نے جواب دے دیا تھا۔ پولیس کی تحقیقات ہو رہی تھی اور کچھ ہی دنوں میں اسے جواب آ جانا تھا کہ اسکے میاں کو یہاں ناروے سے واپس جانا ہوگا۔

میں نے اسے اپنے گھر بلایا۔ اور ہم نے بیٹھ کر حضور کی خدمت میں خط لکھا۔ اس نے الگ سے اپنے سارے حالات لکھے اور ساتھ ہی، میں نے بھی دُعا کا خط لکھ کر پوسٹ کر دیا۔ کچھ دنوں بعد اس کی عدالت میں پیشی تھی۔ خدا کا فضل ہو گیا۔ اور عدالت میں جج نے پولیس کو ڈانٹ دیا کہ تم لوگ غلط رپورٹ تیار کر کے لاتے ہو اور ہمارا وقت ضائع کرتے ہو۔ چنانچہ اس وقت تو اس نے کوئی فیصلہ نہ سنایا بلکہ انتظار کرنے کو کہا۔ لیکن بعد میں اس کا کیس منظور ہو گیا۔ اور خدا کے فضل اور خلیفہ وقت کو خط لکھنے اور خلافت کی برکات کی وجہ سے وہ دونوں میاں بیوی ہنسی خوشی اسی ملک میں رہ رہے ہیں۔ وہ لوگ احمدی ہوں نہ ہوں لیکن ان کی شرافت اور عقلمندی اور انسانیت اور امن پسندی اور بزرگوں کا ادب اور خدا اور دُعا پر کامل یقین ہی تھا جس کی وجہ سے خدا نے انہیں آزمائش سے نکالا۔ اب ہماری یہ دُعا ہے کہ خدا انہیں ایسا ایمان اور تقویٰ عطا فرمائے کہ وہ اسلام احمدیت کی سچائی کو سمجھتے ہوئے اس پر ایمان بھی لا سکیں۔ اے اللہ تو ایسا ہی کر۔ آمین۔

یہ دوسرا بالکل تازہ واقعہ ہے۔ ہمارے ایک اور غیر از جماعت فیملی دوست ایک کیس میں پچھلے تین سال پھنسے ہوئے تھے۔ اور وکیلوں اور کورٹ عدالتوں کے چکر میں ہزاروں کرونز خرچ کر چکے تھے۔ جس کی وجہ سے ان کے گھریلو حالات بھی پریشان کن تھے۔ ایک دن میں نے ان سے کہا کہ اگر آپ اجازت دیں اور اس یقین کیساتھ کہ میں حضور کو دُعا کیلئے لکھوں۔ ہمیں امید ہے کہ خدا ضرور کوئی حل نکالے گا۔ چنانچہ ہم نے حضور کو سارے حالات تفصیل سے لکھے اور دُعا کی درخواست کی۔ ابھی تک ہمیں اس خط کا جواب نہیں آیا۔ لیکن اس خط کے لکھنے کے تقریباً 15 دن بعد ان کی پیشی تھی۔ اور وہ معاملہ جو تین

سالوں سے اٹکا ہوا تھا، اس کا فیصلہ ان کے حق میں ہو گیا۔ اور دوسری پارٹی جو کہ جھوٹا کیس لڑ رہی تھی۔ عدالت نے اس پر ہرجانہ کا دعویٰ بھی کیا۔ اور ان کو بھی ان کی ساری رقم واپس مل جائے گی۔ انشاء اللہ۔ غرض یہ کہ خدا کے فضل اور مسیح زماں کی خلافت کی برکات نے ناممکن کو ممکن کر دکھایا۔

یہ غیر از جماعت خاندان ویسے ہی بہت شریف النفس اور فتنہ وفساد سے دُور رہنے والے لوگ ہیں۔ میں سب پڑھنے والوں سے درخواست کروں گی کہ آپ ان کے لئے دُعا کریں کہ خدا انہیں بھی ایسی بصیرت اور تقویٰ عطا کرے اور اس قبولیت دُعا کے بعد انہیں احمدیت کی سچائی کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق ہو۔ آمین۔ الحمدللہ۔

غیر ممکن کو یہ ممکن میں بدل دیتی ہے
اے میرے فلسفیو! زورِ دُعا دیکھو تو

محترمہ شمع راحیلہ صاحبہ تحریر کرتی ہیں:۔

یوں تو خدا کے فضل سے بارہا ایسے مواقع آئے۔ کسی مشکل میں پیارے آقا کو دُعا کے لئے خط لکھا تو کبھی تو جواب ملنے پر اور کبھی صرف خط لکھنے کے فوراً بعد ہی خدا تعالیٰ نے مشکل دور فرما دی۔ مگر آج جو واقعہ میں لکھنا چاہتی ہوں وہ الہام حضرت مسیح موعود علیہ السلام اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ کی برکت کا ہے جو دو مرتبہ ہوا۔ آج میں ایک کا ذکر کرنا چاہتی ہوں۔

میرے بھائی کا بیٹا چودہ سال پہلے پاکستان سے جرمنی آیا۔ اس کا اسائلم کا انٹرویو پہلی مرتبہ نامنظور ہو گیا۔ پھر اس سال جنوری میں دوبارہ انٹرویو تھا وہ بہت پریشان تھا۔ اُس نے بتایا کہ جب میں جج کے سامنے گیا اور سوال وجواب ہو رہے تھے میرا دھیان اپنی اَلَیْسَ اللّٰہُ کی انگوٹھی کی طرف بار بار جا رہا تھا۔ جج نے مجھ سے پوچھا!! کہ میں اپنے ہاتھ کی طرف بار بار کیوں دیکھ رہا ہوں؟ تو میں نے اُسے بتایا کہ یہ میری انگوٹھی ہے جس پر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا الہام لکھا ہوا ہے۔ اُس نے اِس کا مطلب پوچھا تو میں نے بتایا کہ اُن کی ایک پریشانی کے موقع پر یہ الہام ہوا تھا اور اس کا مطلب بھی بتایا۔ جج نے کہا کہ تجھے اس پر یقین ہے کہ خدا تمہارے ساتھ ہے۔ میں نے جواب دیا کہ مجھے اس پر پورا یقین ہے کہ خدا میرے لئے کافی ہے۔ یہ سن کر جج نے کہا کہ تم آج سے اپنی نئی زندگی شروع کرو جس میں تم اپنے دین پر آزادی سے عمل کر سکتے ہو اور اُس نے کہا کہ تمہیں مبارک ہو۔ بعد میں وکیل نے بھی اُسے مبارک دی اور کہا کہ تمہارا کیس پاس ہو گا۔ حالانکہ جرمنی میں اس طرح وہ کبھی نہیں بتاتے انٹرویو کے کچھ ہفتے بعد وہ خط لکھتے ہیں۔

(جب نیشنل سیکرٹری اشاعت نے مجھے کہا کہ کوئی واقعہ لکھ کر دوں۔ میں نے کہا واقعہ تو ہے۔ جج نے تو میرے بھائی کے بیٹے کو کہہ دیا ہے مگر ابھی تک خط نہیں آیا۔ مجھے نہیں سمجھ آ رہی کہ ابھی لکھ کر دوں یا نہیں۔ اُنھوں نے کہا تم لکھ دو۔ ہو سکتا ہے کہ اسی طرح جواب جلدی آ جائے۔ خدا کا ایسا فضل ہوا کہ ابھی میں نے لکھا نہیں تھا کہ اُس کے تیسرے دن اُس کو عدالت کا خط آ گیا کہ تمہارا کیس منظور ہو گیا ہے۔)

محترمہ عتیقہ ناصر صاحبہ تحریر کرتی ہیں:۔

اللہ تعالیٰ نے پیاری جماعت کو خلافت سے نوازا ہے۔ اسی طرح اس جماعت کے ہر ممبر کا اپنے خلیفہ سے ایک تعلق ہے۔ ہمیں جب کوئی بھی مشکل ہوتی تو اپنے اللہ تعالیٰ کے اور زیادہ قریب ہو جاتے ہیں۔ اس کے آگے جھکتے اور مانگتے ہیں اور ساتھ ساتھ اپنے پیارے خلیفہ جو کہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندے ہیں سے دُعا

کی درخواست کرتے ہیں۔میں جو واقعہ بیان کرنا چاہتی ہوں یہ پیارے خلیفۃ المسیح کی دُعا کی برکت کا نتیجہ ہے۔میرا چھوٹا بھائی جس کو شوگر تھی۔شوگر کی وجہ سے اُس کے گردے بھی ختم ہوگئے تھے جن سے اس کا خون صاف ہوتا تھا۔اُس کی طرف سے میری امی جان بہت پریشان تھی اور ہر وقت دُعائیں اور حضور کو خط لکھنا۔۱۹۹۹ء میں جرمنی کے جلسہ پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ آئے تو امی جان، بھائی اور ابو جان کی ملاقات تھی۔امی جان نے جب حضور کو دیکھا تو بہت زیادہ رونے لگ پڑی اور بار بار ایک ہی جملہ کہتی جاتی تھیں۔حضور میرے بیٹے کے لئے دُعا کریں۔میرے بیٹے کو اللہ تعالیٰ صحت دے۔ پیارے خلیفہ نے جب امی جان کی یہ حالت دیکھی تو بھائی کی صحت کے بارے میں ساری تفصیل پوچھی۔میرے بھائی کو گلے سے لگایا اور امی جان سے کہا کہ اللہ تعالیٰ قادر ہے اور وہ ضرور آپ کے بیٹے کو صحت دے گا اور اس کی شادی بھی ہوگی۔اُس دن کے بعد میری امی کو تسلی اور اطمینان ہوگیا۔ابو اور امی حضور کو دُعا کے لئے خط لکھتے۔ٹھیک چھ ہفتے بعد میرے بھائی کا اپریشن ہوا۔گردے بھی پڑے اور لبلبہ بھی پڑا۔اللہ تعالیٰ کے فضل سے اُس کی شادی بھی ہوئی اور ماشاء اللہ تین بچے ہیں۔میری امی کہتی ہیں یہ سب میرے اللہ تعالیٰ کا فضل اور پیارے خلیفہ کی دُعائیں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے مجھے دیا۔جزاکم اللہ

محترمہ سیّدہ امتہ السلام عقیل تحریر کرتی ہیں:۔

اپریل 2009 کی بات ہے میرے والد صاحب بہت زیادہ بیمار ہوگئے یہاں تک کہ ڈاکٹرز بالکل نا اُمید ہوگئے۔والد صاحب چونکہ سخت تکلیف میں تھے ان کی حالت ہم سے برداشت نہیں ہورہی تھی۔بہت زیادہ دُعائیں اور صدقات سب کچھ کررہے تھے لیکن کوئی اُمید نظر نہیں آرہی تھی۔اس دوران میں بھی بھی پاکستان گئی ہوئی تھی۔میں نے لنڈن پرائیویٹ سیکرٹری کے آفس فون کیا۔لنڈن قریباً فجر کی نماز کا وقت ہونے والا تھا۔بہت تڑپ اور درد سے خلیفہ وقت کی خدمت میں سیکرٹری صاحب کو دُعا کے لئے درخواست لکھوائی۔صورتحال اس قدر نازک تھی کہ خط یا Fax کا سہارا نہیں لیا جاسکتا تھا۔اس لئے فون پر ہی درخواست پیش کی۔اسی دن یعنی قریباً 2-3 گھنٹوں بعد فضل عمر ہسپتال سے بھائی آئے اور بتایا کہ اب ڈاکٹرز کہہ رہے ہیں کہ شاہ صاحب خطرے سے باہر ہیں۔اور ہمیں سمجھ نہیں آرہی کہ یہ کیسے ہوگیا۔وہاں کے ڈاکٹرز اور ہمارے لئے آج تک والد صاحب کا بچ جانا کسی بڑے معجزے سے کم نہیں۔ماشاء اللہ میرے والد صاحب حیات ہیں ان کی صحت والی لمبی زندگی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

دوسرا واقعہ:۔ ہمارے نارویجن ہمسائے ایک دن غالباً فروری 2014ء کے پہلے ہفتے کی بات ہے میرے میاں صاحب کو گھر کی پارکنگ میں ملے اور کہنے لگے کہ ہم تو بہت زیادہ پریشانی میں ہیں۔قریباً 9 ماہ ہوگئے اپنا مکان سیل کرنے کے لئے لگایا ہوا ہے۔اب تک وہ فروخت نہیں ہوا۔ یہاں بتاتی چلوں کہ ہم اور ہمارے تین ہمسائے اکٹھے ہی قریباً ایک ہی ماہ میں شفٹ ہوئے تھے اور نیا مکان خریدنے سے پہلے کا اس نے اپنا مکان بیچنے کے لئے لگایا ہوا تھا اور اچھے علاقے میں مکان تھا۔اب صورتحال یہ نظر آتی ہے کہ وہ بے بسی کے عالم میں انتہائی نا اُمید ہوکر کہتا ہے کہ ہم نے ارادہ کرلیا ہے کہ ہم یہ والا مکان چونکہ بالکل نیا ہے یہ آسانی سے بک جائے گا اس کو بیچ کر واپس اُسی مکان میں چلے جائیں، کیونکہ اب ہمارے لئے ناممکن ہوگیا ہے دونوں گھروں کے اخراجات برداشت کرنا۔ان کی یہ بات سن کر میرے میاں صاحب بہت پریشان ہوئے اور مجھے فون پہ ساری بات بتائی اور کہنے لگے اس کے لئے دُعا کرو اتنا اچھا ہمسایہ ہمارا اس قدر پریشان ہے۔میں نے بے اختیار اپنے میاں صاحب سے کہا کہ میں ایسا کرتی

ہوں کہ ابھی حضور کو خط لکھتی ہوں۔اللہ تعالیٰ ان کی پریشانی دُور کردے گا۔

وہ ایسا کوئی قبولیت کا وقت تھا کہ میں اتنی عاجز اور ست،فوراً حضور کو خط لکھنے بیٹھ گئی اور ساری تفصیل خلیفہ وقت کی خدمت میں لکھی۔ ابھی بمشکل ایک ہفتہ گزرا ہوگا۔ہمسائی سے ملاقات ہوئی میں نے اسے بتائے بغیر ایک دم سے کہا کہ مکان بک گیا؟ یعنی ایسے یقین سے کہا کہ جیسے مجھے علم ہے،وہ خوشی سے ایسے چیخ کر بولی کہ ہاں مکان بک گیا ہے ابھی ہم وہاں سے ہی آرہے ہیں اور بہت اچھی قیمت پر فروخت ہوا ہے۔ان کو بہت مبارکباد دی۔اور میں نے اپنے ہمسائیوں کو خلیفہ وقت کے متعلق اور خط لکھنے کے بارے میں بتایا وہ اتنی حیرت سے یہ سب سن رہے تھے کہ کہنے لگے کہ ہم آپ سے اس Megic کے متعلق تفصیل سے بات کرینگے۔کیونکہ ہمارا مکان ہمارے لئے بہت بڑا امتحان بن گیا تھا اور ہمیں ابھی بھی یقین نہیں آرہا ہے کہ ہم اس مشکل سے کیسے نکلے ہیں۔

محترمہ آسیہ منصور صاحبہ تحریر کرتی ہیں:۔

میرے چھوٹے اور پیارے بھائی کی اچانک وفات سے ہمارے سروں پر غم کا ایک پہاڑ ٹوٹ پڑا تھا۔میں نے اور گھر کے باقی افراد نے بھی حضور انور کی خدمت میں دُعا کے لئے خط لکھا۔حضور کی طرف سے دُعاؤں اور تسلی بھرا خط ملا۔جس کے بعد ہمارے دلوں کی بے چینی اور بیقراری اللہ تعالیٰ کے فضل سے صبر اور سکون کی حالت میں بدل گئی اور ہم اللہ تعالیٰ کی اس رضا پر راضی ہوگئے۔

محترمہ اَمتہ النور منعم صاحبہ تحریر کرتی ہیں:۔

میرے میاں کی جاب اپریل 2014 میں ختم ہورہی تھی۔جب وہ پچھلے سال جلسہ سالانہ برطانیہ میں شرکت کے لئے گئے تو وہاں حضور اقدس کی خدمت میں بہتر روزگار ملنے کے لئے دُعا کی درخواست کی۔اس کے بعد ان کی تعلیم کے مطابق صرف ایک جاب کا اشتہار آیا جہاں انہوں نے اپلائی کر دیا۔دو ماہ بعد وہاں سے انٹرویو کے لئے بلایا گیا۔اور محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور پیارے حضور کی دُعا کی برکت سے انہیں نومبر 2013 میں ہی جاب مل گئی۔اَلحمدللہ ثم اَلحمدللہ

محترمہ سعیدہ انور صاحبہ تحریر کرتی ہیں:۔

خدا کا یہ احسان ہے ہم پہ بھاری
کہ جس نے ہے اپنی یہ نعمت اتاری

مجھے خلافت کی برکات کے متعلق کچھ بیان کرنا ہے۔ویسے تو ایک احمدی ہونے کی حیثیت سے خلافت کی برکات سے ہم ہمیشہ ہی فیضیاب ہوتے رہتے ہیں جس کا ایک زندہ ثبوت یہ ہے کہ ہر جمعتہ المبارک کے دن ہم حضور ایّدہ اللہ تعالیٰ کے خطبہ سے مُستفیض ہوتے ہیں لیکن آج میں ایک اپنا ذاتی واقعہ بیان کروں گی۔ہوا یوں کہ میں اپنی بیٹی شمائلہ کی پیدائش سے پہلے اس کی تندرست صحت مند پیدائش کے متعلق کچھ پریشان تھی۔ لہذا میں نے پہلے حضور اید اللہ تعالیٰ کی خدمتِ اقدس میں دُعائیہ خط تحریر کیا پھر میں نے رات کو خصوصی طور پر دُعا کی۔تو صبح کی نماز کے بعد میں نے خواب دیکھا جس میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میں سورت الفلق اور سورت الناس کی تلاوت کثرت سے کیا کروں۔جیسے کہ ہمارا یقین ہے کہ جب ہم حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمتِ اقدس میں خط تحریر کر کے پوسٹ کر دیتے ہیں اُسی وقت حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے ہمارے

لیے دُعا ہونا شروع ہو جاتی ہے اور مجھے تو ذاتی طور پر خلافت کی برکت حاصل کرنے کا ایسا تجربہ ہوا کہ خدا تعالیٰ نے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی دُعا قبول کرتے ہوئے مجھے خواب میں دکھا دیا کہ اللہ تعالیٰ فضل فرمائے گا جس سے مجھے ذہنی سکون ہوا اور دل مطمئن ہو گیا اور خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے مجھے صحت اور تندرستی والی بیٹی عطا کی۔ آمین

عزیزہ اقصیٰ ادریس تھونسبرگ سے لکھتی ہیں:۔

کہ میری ایک غیر از جماعت سہیلی اپنے گھریلو مسائل، دینی کمزوری اور جاب نہ ہونے کی وجہ سے بہت پریشان تھی۔ میں نے اس کی طرف سے حضور انور کو دُعائیہ خط لکھا اور مسائل کا ذکر کیا۔ تھوڑے ہی دنوں میں اس نے بتایا کہ اسکے مسائل حل ہوگئے ہیں۔ اب وہ دین میں بھی دلچسپی رکھتی ہے۔ اس کو اچھی جاب بھی مل گئی ہے اور وہ اپنے گھر میں خوش ہے۔ الحمد للہ

صدر مجلس تھونسبرگ لکھتی ہیں:۔

کہ ہمیں تبلیغی سیمینار کرنے کے لئے پے در پے کئی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ لیکن ہم نے ہر آنے والی رکاوٹ پر حضور انور کو دُعا کے لئے خط لکھا اور خدا کے فضل سے ہماری تمام رکاوٹیں دور ہوتی گئیں اور ہمارا سیمینار ہر لحاظ سے بہت کامیاب رہا۔ الحمد للہ۔

محترمہ کفیلہ ماجد صاحبہ تحریر کرتی ہیں:۔

میرا پہلا بیٹا 15,20 دن کا تھا کہ اسے سخت موشن لگ گئے اتنی طبیعت خراب تھی کہ پانی بھی نہیں ٹھہرتا تھا میرے ابو مجھ سے کہنے لگے کہ حضور کو خط لکھو میں نے خط لکھا رات تھی اس وجہ سے ابھی پوسٹ نہیں کیا تھا لیکن بیٹے کی طبیعت سنبھلنی شروع ہوگئی اور رات کو کافی فرق پڑ گیا ابو کو بتایا تو کہنے لگے کہ یہ خط کی برکت ہے بیشک ابھی پوسٹ نہیں ہوسکا لیکن دُعا تو خط لکھنے کے ساتھ ہی شروع ہو جاتی ہے۔ اس واقعہ کا میرے دل پر بہت اثر ہوا اور میرا دُعا پہ پختہ یقین ہو گیا۔

محترمہ فریدہ داؤد صاحبہ تحریر کرتی ہیں:

میرے بڑے بھائی جرمنی میں پناہ کے لیے گئے ہوئے تھے۔ عرصہ 12 سال ہو چکے تھے اور ان کے کیس کا کوئی فیصلہ نہیں ہو رہا تھا۔ میرے والدین بھی پاکستان سے لندن جلسہ سالانہ پر گئے جلسہ سالانہ کے اختتام کے بعد ان کی حضور خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات ہوئی۔ میرے بڑے بھائی بھی ملاقات میں ان کے ساتھ تھے۔ حضور کی خدمت میں عرض کی گئی کہ دُعا کریں کہ میرے بھائی کے کیس کا جلد فیصلہ ہو جائے۔ حضور نے فرمایا کہ میں دُعا کروں گا اللہ تعالیٰ فضل فرمائے گا۔ میرے بھائی لندن سے جرمنی واپس آئے تو ڈاک دیکھنے پر معلوم ہوا کہ عدالت سے بلوایا آیا ہوا ہے۔ چنانچہ عدالت نے پہلی تاریخ پر ہی بھائی کے حق میں فیصلہ دے دیا۔ ہمارا ایمان ہے کہ حضور کی خاص توجہ اور دُعا کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے یہ فضل فرمایا۔

سنہ 1965ء میں جب تفسیر صغیر بلاکوں پر طبع ہوئی تو اس وقت میرے والد قاضی منیر احمد صاحب ادارۃ المصنفین میں مکرم مولانا ابوالمنیر نورالحق صاحب کے ساتھ کام کرتے تھے۔ تفسیر صغیر کی طباعت کے سلسلہ میں میرے والد صاحب نے دن رات کام کیا تھا۔ اس پر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے خوش ہو کر میرے والد صاحب کو قصر خلافت ربوہ میں بُلا کر ایک سرخ رنگ کی ریشمی تھیلی میں کچھ رقم انعام کے طور پر مرحمت فرمائی۔ میرے والد صاحب کا کہنا ہے جس دن سے یہ انعامی رقم مجھے ملی ہے اس دن سے

آج تک خدا تعالیٰ نے حضور رحمہ اللہ کی دُعا کے طفیل مجھے کبھی مالی تنگی نہیں ہوئی اور نہ ہی مالی حرص ہوئی۔

میرے والد (قاضی منیر احمد صاحب) 1990ء میں جلسہ سالانہ لندن تشریف لائے اور وہاں جلسہ کے اختتام پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات کے دوران حضور نے میرے والد صاحب سے پوچھا قاضی منیر صاحب کتنے بچوں کی شادیاں کر دی ہیں تو میرے والد صاحب نے بتایا حضور صرف ایک بچی کی۔ حضور نے فرمایا: دوسری کی بھی جلدی کرے۔ اس پر میرے والد نے دُعا کے لیے عرض کی۔ حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ بہتر کرے گا۔ ابھی میرے والد لندن میں ہی تھے کہ میرے رشتے کی بات چل پڑی اور صرف والد صاحب کا وطن واپسی کا انتظار تھا واپس آنے پر والد صاحب نے فرمایا کہ یہ رشتہ حضور کی دعاؤں کی بدولت آیا ہے۔ ہمارا یقین ہے کہ یہ سب خدا کے فضل اور اور حضور کی دُعاؤں کا نتیجہ تھا کیونکہ وہاں لندن میں حضور سے بات ہوئی اور ادھر رشتہ ہمارے گھر پہنچ گیا۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

خلیفۂ وقت کی اطاعت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

'عمومی طور پر ہر بات جو اس زمانے میں اپنے اپنے وقت میں خلفائے وقت کہتے رہے ہیں۔ جو خلیفۂ وقت آپ کے سامنے پیش کرتا ہے، جو تربیتی امور آپ کے سامنے رکھے جاتے ہیں۔ ان سب کی اطاعت کرنا اور خلیفۂ وقت کی ہر بات کو ماننا یہ اصل اطاعت ہے اور یہ نہیں ہے کہ تحقیق کی جائے کہ اصل حکم کیا تھا؟ یا کیا نہیں تھا؟ اس کے پیچھے کیا رُوح تھی؟ جو سمجھ آیا اس کے مطابق فوری طور پر اطاعت کی جائے تبھی اس نیکی کا ثواب ملے گا۔''

(خطبہ جمعہ 9 جون 2006 از خطبات مسرور جلد 4، ص 288) الفضل انٹرنیشنل 9 مئی 2014ء

اتمامِ حُجّت

نشاں کو دیکھ کر اِنکار کب تک پیش جائے گا
ارے اِک اور جُھوٹوں پر قیامت آنیوالی ہے
یہ کیا عادت ہے کیوں سچّی گواہی کو چھُپاتا ہے
تری اِک روز اے گستاخ! شامت آنیوالی ہے

ترے مکروں سے اَے جاہل! مرا نقصاں نہیں ہرگز
کہ یہ جاں آگ میں پڑ کر سلامت آنیوالی ہے
اگر تیرا بھی کُچھ دیں ہے بدل دے جو مَیں کہتا ہوں
کہ عزّت مُجھ کو اور تُجھ پر ملامت آنیوالی ہے

بُہت بڑھ بڑھ کے باتیں کی ہیں تُو نے اور چُھپایا حق
مگر یہ یاد رکھ اِک دن ندامت آنیوالی ہے
خُدا رُسوا کرے گا تم کو مَیں اعزاز پاؤں گا
سُنو اے مُنکرو! اب یہ کرامت آنیوالی ہے

خُدا ظاہر کرے گا اِک نشاں پُر رُعب و پُر ہَیبت
دِلوں میں اِس نشاں سے اِستقامت آنیوالی ہے
خُدا کے پاک بندے دوسروں پر ہوتے ہیں غالب
مری خاطر خُدا سے یہ علامت آنیوالی ہے

(از دُرِّثمین صفحہ ۹۴)

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضؓ اور اطاعت امام

عابدہ سلطانہ مجلس تھونسبرگ

توکل کے عظیم الشان پیکر، محبت الٰہی میں سرتاپا ڈوبے ہوئے، عشق قرآن کو اپنی زندگی کا مقصد بنائے ہوئے، عشق رسولؐ کی خوشبو سے معطر گروہِ آخرین کے اوّل المبائعین۔قدرت ثانیہ کے پہلے مظہر حضرت حکیم مولانا نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح الاوّلؓ جنھوں نے امام زمانہ کی اس طرح اطاعت کی جس طرح نبض کی حرکت تنفس کی حرکت کی پیروی کرتی ہے اور اپنے اس عہد کو تادم آخر نبھایا کہ۔

"میں آپ کی راہ میں قربان ہوں، میرا جو کچھ ہے، میرا نہیں آپ کا ہے۔"

اور جن کے بارے میں حضرت مسیح موعودؑ نے فرمایا:۔

چہ خوش بودے اگر ہر یک زامّت نورِ دیں بودے
ہمیں بودے اگر ہر دل پُر ازنورِ یقیں بودے

(سوانح حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل تصنیف رضیہ درد کے دیباچہ سے)

نورالدین:۔

آپ کا اصل نام نورالدّین تھا۔1841 کے قریب بھیرہ کے محلّہ معماراں میں پیدا ہوئے۔آپ کے والد صاحب کا نام حضرت حافظ غلام رسول صاحب اور والدہ صاحبہ کا نام نور بخت صاحبہ تھا۔آپ کا شجرہ نسب حضرت عمر فاروقؓ سے ملتا ہے۔آپ کے بزرگوں میں ولی، عالم، بادشاہ، صوفی، قاضی، شہید، ہر قسم کے بزرگ گزرے ہیں۔آپ کا خاندان ہمیشہ سے ہی ایک اعلیٰ شان والا رہا ہے۔

حضرت مسیح موعودؑ سے تعارف : ضلع گورداسپور کے ایک صاحب شیخ رکن الدین صاحب نے آپ کو بتایا کہ ضلع گورداسپور کے ایک گاؤں قادیان میں ایک شخص حضرت مرزا غلام احمد صاحب نے اسلام کے حق میں رسالے لکھے ہیں۔آپ نے یہ سن کر حضرت صاحب کی خدمت میں خط لکھا اور کتابیں منگوائیں۔مارچ 1885 سے کچھ پہلے کی بات ہے کہ آپ حضرت مسیح موعودؑ کا پہلا اشتہار دیکھتے ہی پروانوں کی طرح جموں سے قادیان پہنچے اور خدا کے اس بندے کو پہچان لیا۔یہ اشتہار حضرت مسیح موعودؑ نے اپنے دعویٰ سے متعلق تمام دُنیا کے عالموں کو بھجوایا تھا اور حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کو یہ اشتہار ایک ہندو کے ذریعہ ملا تھا۔

حضرت مسیح موعودؑ دُعا میں مصروف تھے کہ یا اللہ! اپنے دینِ حق کی خدمت کے لئے مجھے کوئی ساتھی دے۔آپ کی دُعائیں آسمان تک پہنچیں اور خدا نے کشمیر سے حضرت مولوی نورالدّین صاحب جیسا بہترین ساتھی بھیج دیا اور وہ خبر پوری ہوگئی کہ امام مہدی کے ساتھی کشمیر سے بھی آئیں گے۔اس وجہ سے آپ کا آنا ایک نشان تھا۔حضرت مسیح موعودؑ بھی فرماتے تھے کہ خدا تعالیٰ نے میری دُعائیں قبول کیں اور مجھے ایک مخلص، پیار کرنے والا دوست دیا، جس کا نام اس کی نورانی صفات کی طرح نورالدّین ہے، اسلام کے سرداروں میں سے ہے، بزرگوں کی نسل میں سے ہے، مجھے آپ کے ملنے سے ایسی خوشی

ہوئی ہے کہ جیسے کوئی اپنے ہی جسم کا ٹکڑا مل جائے اور میں اس طرح خوش ہوا جیسا کہ آنحضرتؐ حضرت عمر فاروقؓ کے ملنے سے ہوئے تھے۔ مجھے سارے غم بھول گئے۔ جب میں نے آپ کو دیکھا مجھے یقین ہوگیا کہ آپ ہی میری دُعاؤں کا نتیجہ ہیں۔ (سوانح حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل تصنیف رضیہ درد صفحہ:17,18)

فصل الخطاب " کی تصنیف: آپ جلد ہی دوبارہ قادیان تشریف لے آئے اور حضرت مسیح موعودؑ سے عرض کی کہ آپ کے لیے کیا خدمت کروں۔ فرمایا خدمت یہی ہے کہ عیسائیوں کے مقابل پر ایک کتاب لکھیں۔ چنانچہ آپ نے ایک کتاب لکھی جو عیسائی مذہب کیخلاف بہت اچھی کتاب تھی اور بعض ججوں تک نے آپ کو اس پر مبارکباد دی۔ اس کتاب کا نام " فصل الخطاب " ہے۔ آپ نے نوکری سے استعفیٰ دے کر حضورؑ کی خدمت میں آنے کا ارادہ کرلیا۔ حضورؑ کو علم ہوا تو آپؑ نے مشورہ دیا کہ نوکری بالکل نہ چھوڑیں۔ چنانچہ حضورؑ کی مرضی کے مطابق آپ کا استعفیٰ ہی منظور نہ ہوا۔

(سوانح حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل تصنیف رضیہ درد صفحہ 18,19)

پہلی بیعت: حضرت مولوی صاحب نے حضرت مسیح موعودؑ کی خدمت میں یہ درخواست کر رکھی تھی کہ آپ جب بھی بیعت لیں تو سب سے پہلی بیعت میری ہو۔ جب حضورؑ کو خدا کی طرف سے بیعت کا حکم ملا تو 23 مارچ 1889 کو حضرت مولوی صاحب نے سب سے پہلے بیعت کی سعادت حاصل کی اور آپ کی درخواست پر حضور نے اپنے قلم سے بیعت کے الفاظ لکھ کر دیئے۔ (سوانح حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل تصنیف رضیہ درد صفحہ 19)

وطن کا خیال چھوڑ دیں: ستمبر 1892 میں آپ اپنے وطن بھیرہ واپس تشریف لے آئے اور ایک بہت بڑا ہسپتال اور مکان بنانا شروع کردیا۔ ابھی یہ کام ختم نہ ہوا تھا کہ کسی کام سے لاہور تشریف لائے اور وہاں سے حضرت مسیح موعودؑ کو ملنے قادیان تشریف لے گئے۔ حضورؑ نے فرمایا اب تو آپ فارغ ہیں یہاں رہیں۔ آپ سمجھے دو چار روز کے لیے فرماتے ہیں۔ ایک ہفتہ خاموش رہے پھر حضورؑ نے فرمایا آپ اکیلے ہیں اپنی بیوی کو بھی بلوالیں۔ تب آپ سمجھے زیادہ دن رہنا پڑے گا اور مکان اور ہسپتال کا کام بند کروادیا۔ چند روز بعد حضورؑ نے فرمایا کتابوں کا شوق ہے یہیں منگوالیں۔ پھر ایک روز فرمایا دوسری بیوی کو بھی یہیں بلوالیں۔ پھر فرمایا وطن کا خیال چھوڑ دیں اور پھر آپ نے خواب میں بھی کبھی وطن نہ دیکھا۔

(سوانح حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل تصنیف رضیہ درد صفحہ 20)

حضرت مسیح موعودؑ کی بے حد محبت: آپ حضرت مسیح موعودؑ کی محبت اور اطاعت میں اُونچے مقام پر تھے۔ قادیان سے ایک منٹ باہر جانا آپ موت سمجھتے تھے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص ہزار روپیہ روزانہ بھی مجھے دے تو پھر بھی میں حضرت صاحب کی محفل کو چھوڑ کر قادیان سے باہر جانا پسند نہ کروں گا۔ ایک دفعہ آپ کو اسہال کی بیماری تھی حضرت صاحب کی طرف سے تقریر کا حکم ملا چنانچہ اسی وقت باہر چلے گئے اور تقریباً تین گھنٹے تک تقریر کی۔ ایک دفعہ فرمایا اگر میری لڑکی ہو اور مرزا صاحب اسے سو سال کے بوڑھے سے بیاہنا چاہیں تو میں ہرگز انکار نہیں کروں گا۔ (سوانح حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل تصنیف رضیہ درد صفحہ:35)

ایک دفعہ نواب خان صاحب مرحوم تحصیلدار نے آپؓ سے عرض کیا کہ حضرت مرزا صاحب کی بیعت سے کیا فائدہ حاصل

ہوا؟اس پر مولانا صاحبؓ نے فرمایا مجھے بہت فائدے حاصل ہوئے ہیں پہلے مجھے آنحضرتؐ کی زیارت بذریعہ خواب ہوا کرتی تھی اب بیداری میں بھی ہوتی ہے۔(حیات نور صفحہ 194)

حضرت مسیح موعودؑ کی آواز پر نماز توڑ دی: حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ: حضرت مسیح موعودؑ کے زمانہ میں ایک دفعہ آپ نے حضرت خلیفۃ الاوّلؓ کو آواز دی۔آواز سنتے ہی آپ نے نماز توڑ دی اور حضرت مسیح موعودؑ کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔نبی کے لیے اللہ تعالیٰ نے اس لیے اجازت دی ہے کہ نبی ایسے احکام بتاتا ہے جو دین کے لئے اشد ضروری ہوتے ہیں"۔(حیات نور صفحہ 221)

حضرت اقدسؑ نے آپ کو دہلی بلا لیا: 22 اکتوبر 1905 کو حضرت اقدس حضرت ام المومنینؓ کو آپ کے خویش و اقارب سے ملانے کے لیے دہلی تشریف لے گئے۔ابھی دہلی پہنچے چند ہی دن ہوئے تھے کہ حضرت میر ناصر نواب صاحبؓ بیمار ہو گئے۔اس پر حضور کو خیال آیا کہ اگر مولوی نورالدّین صاحب کو بھی دہلی بلا لیا جائے تو بہتر ہوگا۔چنانچہ حضرت مولوی صاحب کو تار دلوادیا۔جس میں تار لکھنے والے نے ایمیجی ایٹ (Immediate) یعنی بلا توقف کے الفاظ لکھ دئے۔جب یہ تار قادیان پہنچا تو حضرت مولوی صاحب اپنے مطب میں بیٹھے ہوئے تھے۔اس خیال سے کہ حکم کی تعمیل میں دیر نہ ہو اسی حالت میں فوراً چل پڑے۔نہ گھر گئے نہ لباس بدلا نہ بستر لیا اور لطف یہ ہے کہ ریل کا کرایہ بھی پاس نہ تھا۔گھر والوں کو پتہ چلا تو انھوں نے پیچھے سے ایک آدمی کے ہاتھ کمبل تو بھجوا دیا مگر خرچ بھجوانے کا انھیں بھی خیال نہ آیا اور ممکن ہے گھر میں اتنا روپیہ ہو بھی نہ۔جب آپ بٹالہ پہنچے تو ایک متمول ہندو رئیس نے جو گویا آپ کا انتظار ہی کر رہا تھا،عرض کی کہ میری بیوی بیمار ہے مہربانی فرما کر اسے دیکھ کر نسخہ لکھ دیجیے۔فرمایا میں نے اس گاڑی پر دہلی جانا ہے۔اس رئیس نے کہا میں اپنی بیوی کو یہاں ہی لے آتا ہوں۔چنانچہ وہ لے آیا۔آپؓ نے اسے دیکھ کر نسخہ لکھ دیا۔وہ ہندو چپکے سے دہلی کا ٹکٹ خرید لایا اور معقول رقم بطور نذرانہ بھی پیش کی اور اس طرح سے آپؓ دہلی پہنچ کر حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر ہو گئے(حیات نور صفحہ 285)

سیدنا حضرت مسیح موعودؑ اپنے پیار کرنے والے دوستوں میں سب سے زیادہ جس شخص کی تعریف فرماتے تھے وہ حضرت مولوی نورالدّین صاحب خلیفۃ المسیح الاوّلؓ تھے۔فرماتے ہیں": سب سے پہلے میں اپنے ایک روحانی بھائی کے ذکر کرنے کے لئے دل میں جوش پاتا ہوں جن کا نام ان کے نورِ اخلاص کی طرح نورالدّین ہے۔میں ان کی بعض دینی خدمتوں کو جو اپنے مالِ حلال سے کر رہے ہیں ہمیشہ حسرت کی نظر سے دیکھتا ہوں کہ کاش وہ خدمتیں مجھ سے بھی ادا ہو سکتیں۔" پھر فرمایا "آپ مومنوں) کا فخر ہیں۔آپ ایک بے مثال وجود ہیں۔" پھر فرمایا: میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے ایسا اعلیٰ درجے کا صدیق دیا۔

(سوانح حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل تصنیف رضیہ درد صفحہ 36)

کیا ہی اچھا ہوتا اگر اُمّت میں سے ہر ایک نورالدّین ہوتا یہ تبھی ہوتا اگر ہر دل نورِ یقین سے بھرا ہوتا۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

اک وقت آئے گا کہ کہیں گے تمام لوگ
ملّت کے اس فدائی پر رحمت خدا کرے

نسیم منیر مجلس تھوئین

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صداقت کے ثبوتوں میں سے سب سے بڑا ثبوت پیشگوئی مصلح موعود ہے جو اپنے وقت پر جا کر نہایت آب و تاب اور شان وشوکت کے ساتھ پوری ہوئی۔ ۱۸۸۶ء میں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو اپنے الہام سے مخاطب کر کے فرمایا:

''میں تجھے ایک رحمت کا نشان دیتا ہوں اسی کے موافق جو تو نے مجھ سے مانگا۔سو میں نے تیری تضرعات کو سنا اور تیری دُعاؤں کو اپنی رحمت سے بپایۂ قبولیت جگہ دی اور تیرے سفر کو (جو ہوشیار پور اور لدھیانہ کا سفر ہے) تیرے لیے مبارک کر دیا۔''

جس نشان رحمت کی نوید آپ کو سنائی گئی اس کے بارہ میں الہامی الفاظ یہ تھے۔

''قدرت اور رحمت اور قربت کا نشان تجھے دیا جاتا ہے۔فضل اور احسان کا نشان تجھے عطا ہوتا ہے اور فتح وظفر کی کلید تجھے ملتی ہے۔ اے مظفر! تجھ پر سلام۔''

اور اس قدرت اور رحمت اور قربت کے نشان کے متعلق فرماتا ہے کہ وہ کس طرح پورا ہوتا ہے:۔

''سو تجھے بشارت ہو کہ ایک وجیہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جائے گا۔ایک زکی غلام (لڑکا) تجھے ملے گا۔وہ لڑکا تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریّت ونسل ہوگا۔''

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ دین کی صداقت کے نشان کے طور پر بتاتا ہے کہ آپ کے ہاں ایک لڑکا ہوگا۔نو سال کی میعاد کے اندر ہوگا۔لمبی عمر پائے گا۔صاحبِ شکوہ اور عظمت ہوگا۔سخت ذہین وفہیم ہوگا۔خدا کا سایہ اس کے سر پر ہوگا۔قومیں اس سے برکت پائیں گی۔

پیشگوئی کے مطابق ۱۲ جنوری ۱۸۸۹ء کو وہ لڑکا پیدا ہوتا ہے۔ظاہری صحت کمزور ہے کبھی آنکھیں دکھنے آجاتی ہیں۔کبھی کوئی اور تکلیف ستانے لگتی ہے۔بظاہر حالات سے کوئی خاص اُمید نہیں کی جاسکتی کہ یہ بچہ زندہ بھی رہے گا۔لیکن خدا کا سایہ اس کے سر پر ہے۔بیماریاں آتی ہیں اور اپنا زور دکھا کر چلی جاتی ہیں۔اللہ تعالیٰ ہر بیماری سے شفا دیتا چلا جاتا ہے۔یہاں تک کہ وہ عمر آجاتی ہے جس میں بچہ کی تعلیم کا انتظام کیا جاتا ہے۔چونکہ بچہ کی آنکھیں اکثر دُکھتی رہتی ہیں۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کہتے ہیں چلو صرف قرآن اور حدیث پڑھ لے اور پڑھ کر کیا کرنا ہے۔کسی دن پڑھنے جاتا ہے اور کسی دن نہیں۔کئی کئی ناغے پڑھائی میں ہو جاتے ہیں۔نہ استادوں ہی کی طرف سے اور نہ والدین کی طرف سے زور ڈالا جاتا ہے اور اسی حالت میں اس بچے کی عمر ۱۹ سال کی ہو جاتی ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ اپنے پاس بلوالیتا ہے۔دشمن شور مچاتا ہے کہ پیشگوئی جھوٹی نکلی۔اس لڑکے کی پیدائش سے (دین) کی ترقی کو وابستہ کیا گیا تھا،اب مرزا صاحب کی وفات کے ساتھ جماعت بھی ختم ہو جائیگی۔لیکن احمدیت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ کا لگایا ہوا پودا تھا۔اللہ تعالیٰ اس جماعت کی باگ ڈور حضرت خلیفہ اوّل کے ہاتھ میں دے دیتا ہے۔جن فتنوں نے سر نکالا تھا وہ بھی وقتی طور پر دب جاتے ہیں۔لیکن ابھی چھ سال کا عرصہ ہی گزرتا ہے کہ حضرت خلیفہ اوّل بھی وفات پا جاتے ہیں اور جماعت کی اکثریت اسی پچیس سالہ نوجوان کو جماعت کا خلیفہ منتخب کر لیتی ہے۔

سیّدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب ۱۹۱۴ء کو مسند امامت پر فائز ہوئے اور پھر کم وبیش 52 باون سال تک نہایت کامیاب و بامراد

زندگی گزار کر ۱۹۶۵ء کو اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہو گئے۔

سیّدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کا عہد امامت بے شمار کامیابیوں اور کامرانیوں کے باوجود پھولوں کی سیج نہیں تھا بلکہ یہ ایک دشت خار دار تھا جہاں پل بھر کے لئے بھی سکون نہ تھا۔ جہاں پر تاحدِ نگاہ مصائب و آلام کے پہاڑ تھے۔ آپؓ نے خدائی تائید و نصرت اور عزمِ صمیم کے ساتھ ہر کڑی سے کڑی آزمائش کو سلجھایا۔ جماعت کو انصار اللہ، خدام الاحمدیہ، لجنہ اماء اللہ، اطفال و ناصرات کی لڑیوں میں پرو کر مضبوط اور منظم کر دیا ملک و قوم کی ہر آزمائش کی گھڑی میں اُن کا مکمل ساتھ دیا۔ تاریخ پاکستان کا مؤرخ سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کی قابلِ قدر خدمات کو ہرگز نظر انداز نہیں کر سکتا۔

آپؓ نے اپنے دورِ امامت میں دُنیا کے کناروں تک جماعت کا تعارف کرایا اور حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ کے پیغام کو ہر ملک و دیار میں پہنچایا، جگہ جگہ مشن ہاؤس، بیوت الذکر، ہسپتال اور تعلیمی ادارے قائم کیے۔ اپنی جماعت کو علمی کاوشوں کے اعلیٰ معیار پر فائز کیا اور خود آپؓ کے علمی کارنامے تو زُبانِ زدِ خلائق ہیں۔ آپؓ نے قرآنِ کریم کے جن معارف سے دنیا کو روشناس کرایا وہ روحانی دُنیا کا ایک عظیم المرتبت اور ناقابلِ فراموش باب ہے۔ آپؓ کی تصانیف، خطبات، خطابات اور تقاریر ہر خاص و عام سے سند حاصل کر چکی ہیں بشرطیکہ کوئی سچائی اور حق کا خون کرنے والا نہ ہو۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دورِ خلافت تاریخ احمدیت کا ایک سنہری دور ہے۔ اس دور میں اسلام کی ترقی اور غلبہ، احمدیت کے استحکام، قرآن مجید کی اشاعت اور ملک و قوم کی خدمت وغیرہ کے اعتبار سے اتنے کام ہوئے کہ ان کا تذکرہ کرنے کے باوجود ہمیشہ ہی یہ احساس رہتا ہے کہ حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے دور کے چند واقعات اور تحریکات:۔

کسی بھی کام کو احسن رنگ میں سرانجام دینے کے لیے پلاننگ اور تنظیم کی ضرورت ہوتی ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے سب سے پہلے اس بنیادی کام کی طرف توجہ فرمائی۔ منصبِ خلافت پر متمکن ہونے کے ایک ماہ بعد آپ نے ملک بھر کے احمدی نمائندگان کی ایک خصوصی مجلسِ شوریٰ طلب فرمائی۔ غور و فکر، مشورہ اور دُعاؤں کے بعد فوری طور پر آپؓ نے تربیتی، اصلاحی، تنظیمی اور تبلیغی کاموں کا بیک وقت آغاز کر دیا۔

''خلافتِ ثانیہ میں مجموعی طور پر چھیالیس ملکوں میں جماعت کو تبلیغی مراکز قائم کرنے کی توفیق ملی۔ بیرونی ممالک میں تین سو گیارہ مساجد کی تعمیر مکمل ہوئی۔ ان مساجد کے میناروں سے صبح و شام توحید کی منادی ہونے لگی۔ آپ نے جماعت کو تحریک کی کہ نوجوان خدمتِ دین کے لئے اپنی زندگیاں اس طور پر وقف کریں کہ ان کا کوئی مطالبہ نہیں ہو گا اور وہ ہر کام کے لئے ہمیشہ تیار رہیں گے، آپ نے جماعت کے سامنے یہ انقلابی تحریک پیش فرمائی اور ساتھ ہی اپنا شاندار قابلِ تقلید نمونہ بھی۔ آپ نے فرمایا۔

''میرے تیرہ لڑکے ہیں اور تیرہ کے تیرہ دین کے لیے وقف ہیں۔''

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے غلبۂ اسلام کے لیے جن مستحکم بنیادوں پر کام کا آغاز کیا حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے اس مشن کو بڑی تیزی اور مستعدی سے آگے بڑھایا۔ ساری دنیا میں تبلیغی مراکز کا جال بچھا کر آپ نے اسلام کے حق میں ایک خوش آئند انقلاب برپا کر دیا۔ اسلام پر حملہ کرنے والے غیر مسلم منّاد نے راہِ فرار اختیار کی۔ پے در پے ناکامیوں کے بعد بعض افریقن ممالک میں عیسائی مشنز اپنی تبلیغی مساعی بند کرنے پر مجبور ہو گئے۔ جماعتِ احمدیہ کی تبلیغی کوششوں سے تثلیث کدوں کی رونقیں ماند پڑنے لگیں۔ یہ ایسی حقیقت ہے جس کا اعتراف غیروں کو بھی ہے۔

تبلیغِ اسلام کے ساتھ ساتھ بنی نوع انسان کی خدمت کا میدان بھی حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی نظر سے کبھی اوجھل نہیں ہوا۔ آپؓ نے افریقن ممالک کی طرف اس ضمن میں خصوصی توجہ فرمائی کیونکہ وہاں پر تعلیمی اور طبّی سہولتوں کا فقدان پایا جاتا تھا۔ آپ کے دورِ خلافت میں ۲۴ ممالک میں ۷۴ تعلیمی مراکز، سکول اور کالجز کا قیام ہوا۔ ۲۸ دینی مدارس

جاری ہوئے اور ۷ اہسپتالوں کا قیام عمل میں آیا۔"

(الفضل انٹرنیشنل ۱۹ تا ۲۵ فروری ۲۰۱۰ء)

قیامِ پاکستان کے سلسلہ میں جماعتِ احمدیہ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی قیادت میں ہر مرحلہ پر تاریخ ساز کردار ادا کیا۔ قائدِ اعظم کی برطانیہ سے ہندوستان واپسی اور مسلمانانِ ہند کی قیادت کا کام دوبارہ شروع کرنے میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی ہدایات اور کوششیں شامل تھیں۔ آپ کی ہی ہدایت پر اس وقت کے امام مسجد لندن مولانا عبدالرحیم درد صاحب نے قائدِ اعظم کو اس کام کے لئے رضا مند کیا۔ قیامِ پاکستان پر منتج ہونے والی اس تاریخی خدمت کا غیروں نے بھی برملا اعتراف کیا۔

سیاسی محاذ پر ہندوستان کے مسلمانوں کی پرزور اور بے لوث نمائندگی کا حق حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خانؓ نے ادا کیا جو حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی راہ نمائی میں کام کر رہے تھے۔ اس کے علاوہ دُنیا کے متعدد ممالک کو آمرانہ تسلط سے نجات دلانے اور آزادی سے ہمکنار کرنے میں بھی حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خانؓ نے ایسی سنہری خدمات سر انجام دیں جو تاریخ عالم کے صفحات سے کبھی مٹائی نہیں جا سکتیں۔ مسلمانانِ عالم کی یہ خادم جماعت حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی بابرکت قیادت میں ہر میدان میں سعیٔ مشکور کی توفیق پاتی رہی۔

پیشگوئی مصلح موعود کا یہ فقرہ کہ "وہ اسیروں کی رستگاری کا موجب ہوگا اور قومیں اس سے برکت پائیں گی" بار بار بڑی شان سے پورا ہوتا رہا۔ برِّ صغیر کی تقسیم کے وقت لاکھوں بے سہارا، بھوکے، پیاسے اور در بدر ٹھوکریں کھانے والے مہاجرین کی جس طرح منظّم طور پر بے لوث خدمت جماعت احمدیہ کے رضا کاروں نے کی وہ تاریخِ احمدیت کا ایک زرّیں باب ہے۔ اس عظیم خدمت کے پیچھے حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کا شفیق وجود متحرک نظر آتا ہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد اہلِ کشمیر کو ہندوؤں کے مظالم سے نجات دلانے اور کشمیر کی تحریک آزادی کو منظّم کرنے کے سلسلہ میں بھی حضرت مصلح موعودؓ نے بنیادی اور کلیدی کردار ادا کیا۔ آپؓ آل انڈیا کشمیر کمیٹی کے پہلے صدر رہے۔ حکومتِ پاکستان کی درخواست پر آپ کی زیرِ ہدایت فرقان فورس نے کشمیر کے محاذ پر فوجی خدمات سرانجام دیں۔ یہ بٹالین احمدی رضا کاروں پر مشتمل تھی جس نے ۱۹۴۸ سے ۱۹۵۰ تک بہت جوش اور مستعدی سے کشمیر کے محاذ پر پاکستانی فوج کی مدد کی۔ احمدی رضا کاروں کو حکومتِ پاکستان اور اخبارات نے اس خدمت پر دل کھول کر خراجِ تحسین پیش کیا۔

۱۹۴۷ء میں جب برِّ صغیر کی تقسیم عمل میں آئی تو جماعت احمدیہ کو اپنے مقدس مرکز قادیان سے ہجرت کرنی پڑی۔ یہ وقت جماعت کے لئے بہت ہی کٹھن تھا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے کمال فراست اور حکمتِ عملی سے کام لیتے ہوئے نہ صرف افرادِ جماعت کی جانی و مالی حفاظت کا انتظام کیا بلکہ پاکستان میں جماعت کے لئے نیا مرکز بھی قائم کر دیا۔ ایک سال کے اندر اندر دارالہجرت ربوہ کا قیام فی الحقیقت ایک معجزہ سے کم نہیں۔

"پیشگوئی مصلح موعود میں فرزندِ موعود کی ایک صفت یہ بھی بیان کی گئی تھی کہ "وہ علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا"۔" اس کا ایمان افروز ظہور اس طور پر ہوا کہ خدائے علّام الغیوب نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کو دُنیاوی ڈگریوں کے بغیر اور نہایت کمزور صحت کے باوجود دینی اور دنیاوی علوم سے مالا مال کر دیا۔ آپؓ نے اپنی زندگی میں کم و بیش ۲۲۵ کتب و رسائل تصنیف فرمائے۔ ان کتب میں سے چند ایک کے نام بطور نمونہ حسب ذیل ہیں۔

دیباچہ تفسیر القرآن۔ فضائل القرآن۔ احمدیت یعنی حقیقی اسلام۔ دعوت الامیر۔ اسلام میں اختلافات کا آغاز۔ ہستیٔ باری تعالیٰ۔ منہاج الطالبین، سیر روحانی وغیرہ۔ آپ کی جملہ کتب "انوار العلوم" کے نام سے شائع ہو چکی ہیں۔

ان بلند پایہ علمی تصانیف سے بہت بڑھ کر آپؓ کے خداداد علم کا شاہکار آپؓ کی تصنیف فرمودہ تفسیرِ صغیر اور تفسیرِ کبیر ہیں۔ آپؓ کی علمی تصانیف اور بالخصوص تفسیرِ کبیر پڑھ کر بڑے بڑے علماء اور ماہرین علوم

نے آپؓ کے تبحّرِ علمی کا اعتراف کیا۔ آپؓ کے فیض رسان علمی وجود کے ذریعہ دنیا کو جو برکت نصیب ہوئی اس کا ایک پہلو یہ ہے کہ آپؓ کے دورِ خلافت میں دنیا کی سولہ زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم کی اشاعت ہوئی اور آپؓ کی زیرِ نگرانی قریباً چالیس اخبارات اور رسائل دُنیا کے مختلف ممالک سے جاری ہوئے۔" (الفضل انٹرنیشنل ۱۹ تا ۲۵ فروری ۲۰۱۰ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی خدماتِ دینیہ سے بھرپور زندگی کو دو عنوان دیئے جا سکتے ہیں ایک اشاعتِ اسلام اور دوسرا خدمتِ قرآن۔ یہ دونوں باتیں تو گویا آپؓ کی روح کی غذا تھیں۔ آپؓ نے تحریر و تقریر کے میدان میں ان مقاصدِ عالیہ کی خاطر انتھک خدمات سر انجام دیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپؓ کے قلم اور زبان میں ایسی دلکشی اور شیرینی رکھ دی تھی کہ پڑھنے والے آپؓ کی تحریرات پڑھتے ہوئے علمی معارف میں گم ہو کر رہ جاتے اور آپؓ کی تقریریں سننے والے گھنٹوں آپؓ کے خطابات سنتے رہتے اور انہیں وقت گزرنے کا احساس تک نہ ہوتا۔

ایک کامیاب قائد ایک محبوب رہنما ایک عظیم انسان دوستوں کا وفادار اور دشمنوں سے شفقت اور احسان کرنے والا انسان کامیاب و کامران زندگی گزار کر اپنے مولا کے حضور اپنی زندگی کا نذرانہ لے کر حاضر ہو گیا۔ لیکن اس کی حسین یاد ہمیشہ زندہ رہے گی۔

٪٪٪٪٪٪٪٪٪٪

Pensum----2014 ----تعلیمی نصاب
پیغامِ صلح:۔ جنوری تا فروری
نبیوں کا سردار:۔ مارچ تا جون
اسلام اور عصرِ حاضر کے مسائل:۔ جولائی تا دسمبر

کلامِ محمود

نونہالانِ جماعت مجھے کچھ کہنا ہے
پر ہے یہ شرط کہ ضائع میرا پیغام نہ ہو

چاہتا ہوں کہ کروں چند نصائح تم کو
تا کہ پھر بعد میں مجھ پر کوئی الزام نہ ہو

جب گزر جائیں گے ہم تم پہ پڑیگا سب بار
سُستیاں ترک کرو طالبِ آرام نہ ہو

خدمتِ دین کو اِک فضلِ الٰہی جانو
اس کے بدلے میں کبھی طالبِ انعام نہ ہو

دِل میں ہو سوز تو آنکھوں سے رواں ہوں آنسو
تم میں اسلام کا ہو مغز، فقط نام نہ ہو

سَر میں نخوت نہ ہو آنکھوں میں نہ ہو برقِ غضب
دل میں کینہ نہ ہو لب پر کبھی دشنام نہ ہو

خیر اندیشئ احباب رہے مدِّ نظر
عیب چینی نہ کرو مفسد و نمّام نہ ہو

چھوڑ دو حرص کرو زہد و قناعت پیدا
زر نہ محبوب بنے سیم دِل آرام نہ ہو

رغبتِ دل سے ہو پابندِ نماز و روزہ
نظر انداز کوئی حصۂ احکام نہ ہو

پاس ہو مال تو دو اس سے زکوٰۃ و صدقہ
فکرِ مسکیں رہے تم کو غمِ ایّام نہ ہو

(از کلامِ محمود صفحہ ۹۶)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کی تحریک نصرت جہاں اسکیم اور اس کے ثمرات

نبیلہ رفیق　مجلس درامن

حضرت مرزا ناصر احمد خلیفۃ المسیح الثالثؒ امام الزماں حضرت مسیحِ موعود علیہ السلام کی دُعاؤں سے 16 نومبر 1909 کو قادیان میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی سب سے پہلی حرم محترمہ محمودہ بیگم صاحبہ کے بطن سے پیدا ہوئے۔

''خلیفۃ المسیح الثالثؒ حضرت مسیحِ موعود علیہ السلام کے نافلہ (پوتے) ہیں۔اس کا پس منظر یہ ہے کہ حضرت مسیح موعودؑ کے سب سے چھوٹے بیٹے مرزا مبارک احمد کی صرف آٹھ سال کی عمر میں وفات ہوگئی تھی۔اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیحِ موعود علیہ السلام کو کئی الہامات کئے کہ چوتھے بیٹے مبارک کے بدلے پانچواں بیٹا دیا جائے گا جو بطور نافلہ یعنی پوتا ہوگا۔ اس بارہ میں حضرت مسیحِ موعود علیہ السلام کو کئی الہام ہوئے۔ ایک الہام میں آپ کو ان کا نام یحییٰ بتایا گیا۔ان الہامات کی تشریح میں حضرت مسیح موعودؑ نے فرمایا''ممکن ہے اس کی تعبیر یہ ہو کہ محمود (حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانیؓ) کے ہاں لڑکا ہوگا کیونکہ نافلہ پوتے کو بھی کہتے ہیں''۔

(تذکرہ ایڈیشن چہارم صفحہ 607)

اللہ تعالیٰ نے حضرت مصلحِ موعودؓ کو بھی ان کے اس بیٹے کے بارہ میں پیش گوئی دکھائی تھی۔ جو کچھ اس طرح ہے کہ آپ کی پیدائش سے دو ماہ قبل حضرت خلیفہ الثانیؓ نے ایک خط میں یہ لکھا کہ ''مجھے بھی خدا تعالیٰ نے خبر دی ہے کہ میں تجھے ایک لڑکا دونگا جو دین کا ناصر ہوگا اور (دینِ حق) کی خدمت پر کمربستہ ہوگا'' (الفضل قادیان مورخہ 8 اپریل 1910)

حضرت اماں جان کو آپ بہت محبوب تھے۔ پہلے پوتے ہونے کی وجہ سے امّاں جان کی آپ کی طرف بہت توجہ تھی آپ نے بہت چھوٹی عمر میں قرآن پاک حفظ کر لیا تھا۔حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ فرماتی ہیں:

''ایک مرتبہ حفظ کی تعلیم کے دوران دوسرے بچوں کے ساتھ اماں جان کے ساتھ بیٹھے تھے۔ جن میں محمد احمد اور منصور بھی تھے۔ میں بھی تھی بچوں نے بات کی کہ شائد حساب یا انگریزی ناصر احمد کو نہیں آتا ہمیں زیادہ آتا ہے۔ اتنے میں حضرت بھائی جان (حضرت مصلح موعودؓ) تشریف لائے۔

حضرت اماں جان نے فرمایا! میاں قرآن شریف تو ضرور حفظ کراؤ مگر دوسری پڑھائی کا بھی انتظام ہو جائے کہیں ناصر دوسرے بچوں سے پیچھے نہ رہ جائے مجھے یہ فکر ہے۔ اس پر جس طرح آپ مسکرائے تھے اور جو جواب آپ نے حضرت امّاں جان کو دیا تھا وہ آج تک میرے کانوں میں گونجتا ہے فرمایا! ''امّاں جان آپ اس کا بالکل فکر نہ کریں ایک دن یہ سب سے آگے ہوگا انشاء اللہ۔'' (الفضل 25 جنوری 1965)

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے آپؒ کو خلیفہ بنا کر اپنے زمانے کے سب لوگوں میں سے آگے کر دیا۔

1970ء کے افریقہ کے دورہ کے دوران آپؒ کو القا ہوا کہ ان مظلوم اقوام کی فلاح و بہبود کے لئے مغربی افریقہ کے چھ

ممالک میں صحت اور تعلیم کی فروغ کے لئے ہسپتال اور اسکول و کالج کھولے جائیں۔آپ نے باقاعدہ اس کا اعلان جماعت میں کیا اور اس سلسلے میں جماعت کے سامنے اپنے عظیم والد حضرت مصلحِ موعودؓ کی خلافت کے سالوں کے برابر 52 لاکھ روپے کا مطالبہ رکھا اور ڈاکٹروں اور پوسٹ گریجوئیٹ اساتذہ کو اس مقصد کے لئے زندگی وقف کرنے کو کہا۔

جماعت نے والہانہ لبیک کہتے ہوئے جتنی رقم کا مطالبہ کیا گیا تھا اس سے بھی زیادہ رقم خلیفۂ وقت کی خدمت میں پیش کردی۔جماعت کے کئی مخلصین ڈاکٹروں اور پروفیسروں نے اپنی سرکاری نوکریاں چھوڑ کر وقف کے لئے پیش کردیا۔دیکھتے ہی دیکھتے چند سالوں میں مغربی افریقہ کے بہت سے ممالک یعنی گھانا، نائیجیریا، گیمبیا، سیرالیون اور آئیوری کوسٹ میں اسکولوں اور ہسپتالوں کا جال بچھ گیا۔جو بڑھتے بڑھتے اب اور بھی بہت سے ممالک میں پھیل چکا ہے۔جہاں پر ہزاروں افریقی عوام پسماندگی کے باوجود تعلیم بھی حاصل کررہے ہیں اور صحت کی نعمت سے بھی فیض یاب ہورہے ہیں بغیر کسی رنگ و نسل کے۔جماعتِ احمدیہ کے یہ مخلصین اپنے خلیفہ کے حکم پر افریقی باشندوں کی مدد کرنے میں دن رات مصروف ہیں۔

احمدیت کے تیسرے خلیفہ حضرت مرزا ناصر احمدؒ صاحب کے دل میں اللہ تعالیٰ نے جو تحریک افریقہ کی دکھی انسانیت کی بھلائی کی خاطر دل میں ڈالی تھی وہ محض تعلیم اور جسمانی صحت تک ہی محدود نہیں رہی بلکہ ان اسکولوں ں اور ہسپتالوں کے اجراء نے افریقی باشندوں کے اندر اسلام اور احمدیت نے ایک نئی روح پھونکی، اب تک لاکھوں کی تعداد میں مسلمان اور غیر مسلم احمدیت یعنی حقیقی اسلام کی چھتری تلے جمع ہوچکے ہیں۔بلکہ ان ممالک میں اسلام احمدیت کا سورج اپنی پوری آب وتاب سے چمک رہا ہے۔خلافت کی آواز پر لبیک کہنے والے مخلصین کی تعداد اب تک ہزاروں تک پہنچ چکی ہے جنہوں نے خلافت کی آواز پر لبیک کہا اور اپنے آپ کو محض اللہ اور انسانیت کی بھلائی کیلئے وقف کردیا اور اپنے گھروں کے آرام وآسائش چھوڑ کر افریقہ جیسے پسماندہ ممالک میں جہاں زندگی کی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں رہ کر اپنے خلیفہ کے مشن کو آگے بڑھانے میں مصروف ہیں۔

ثمرات:۔

گویا جس انسانی خدمت کے جذبے کا سلسلہ محض 52 لاکھ پاکستانی روپے سے شروع ہوا تھا، پھلتے پھلتے وہ اب لاکھوں ڈالر تک پہنچ چکا ہے۔چھوٹی چھوٹی دُکانوں سے شروع ہونے والے کلینک اب بڑے بڑے ہسپتال بن چکے ہیں۔بغیر سہولیات کے چلنے والے اسکول اب بڑے بڑے تعلیمی اداروں میں بدل چکے ہیں۔جہاں حضرت مسیحِ موعود علیہ السلام کے موعود نافلہ کے ماٹو!!!

"Love for all hatred for none"

(مُحبّت سب سے نفرت کسی سے نہیں) پر عمل کرتے ہوئے۔اس کارِ خیر میں مصروف ہیں۔ایک اندازے کے مطابق اس وقت ترقی پذیر افریقی ممالک میں 373 اسکول پانچ کالج اور 36 ہسپتال ہیں جو انسانی فلاح و بہبود میں لگے ہوئے ہیں۔

1980 کے جلسہ سالانہ پر فرمایا کہ ''نصرت جہاں اسکیم کو اللہ تعالیٰ نے ایسی عظیم الشان کامیابی عطا کی ہے کہ ساری دُنیا کے دماغ مل کر بھی

اس کا تصور نہیں کر سکتے۔ 1970 سے لے کر آج تک جماعت کے سالانہ جلسہ کے موقعہ پر دوسرے دن کی ہونے والی خلیفۂ وقت کی تقریر میں (ہوا میں تیرے فضلوں کا منادی) "نصرت جہاں اسکیم" کے حاصل ہونے والے افریقہ ممالک کے ثمرات کا ذکر سب سے نمایاں ہوتا ہے۔ خلیفہ وقت کے پاس ان فضلوں اور اللہ کی ان رحمتوں کا ایک بے بہا ذخیرہ ہوتا ہے جو نہ ختم ہونے والا ہوتا ہے۔ جسے وقت کی وجہ سے مختصر کرنا پڑتا ہے۔ ہسپتالوں میں آنے والے سینکڑوں مریضوں کا چونکا دینے والا ذکر ہوتا ہے۔ جن کو ان ہسپتالوں سے معجزانہ شفا مل چکی ہوتی ہے۔ جن میں سے ایسے بھی ہوتے ہیں جنہیں دوسرے سرکاری اور بڑے بڑے ہسپتال لا علاج قرار دے چکے ہوتے ہیں۔ مگر کسی دوسرے کے تجربے کی بناء پر یا کسی اور کی ترغیب پر یہاں محض قسمت آزمانے آجاتے ہیں اور موت کے منہ میں جانے کی بجائے زندگی کی مٹھاس لے کر گھروں کو جاتے ہیں۔ ایسے ایسے احمدیت اور اسلام کے مخالفوں کا ذکر بھی ہوتا ہے۔ جو باوجود مخالفت اور دُشمنی کے جب بیمار ہوتے ہیں تو اپنے ملک کے ہسپتال چھوڑ کر احمدیہ کلینک ہی آنا پسند کرتے ہیں اور جب واپس جاتے ہیں تو ان کے پاس محض جسمانی شفا ہی نہیں ہوتی بلکہ روحانی طور پر بھی مکمل شفایاب ہو چکے ہوتے ہیں۔ یعنی احمدیہ کلینک کے مسیحاؤں کے حسنِ سلوک اور فیاضانہ مہمان نوازی کے صدقے اللہ تعالیٰ نے ان کو حقیقی اسلام یعنی احمدیت کا گرویدہ بنا دیا ہوتا ہے۔

یہی حال تعلیمی اداروں کا ہے۔ غریب مفلوک الحال لوگ جن کے پاس تن ڈھانپنے کو کپڑا ہو نہ ہو اور پیٹ بھرنے کو روٹی نہ ہو۔ انہیں مفت پڑھائی کی سہولت مل جائے۔ ظاہر ہے یہ نعمت کسی معجزے سے کم نہیں ہوگی۔

> لجنات حضورِ انور کے ارشاد کے مطابق روزانہ دو نوافل کا التزام کریں۔ جماعت ناروے نے نفلی روزہ کے لئے ہر سوموار کا دن مقرر کیا ہوا ہے۔ جزاکم اللہ

خلافت

خدا کا یہ احسان ہے ہم پہ بھاری
کہ جس نے ہے اپنی یہ نعمت اتاری
نہ مایوس ہونا گھٹن ہو نہ تاری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

نبوت کے ہاتھوں جو پودا لگا ہے
خلافت کے سائے میں پُھولا پھَلا ہے
یہ کرتی ہے اس باغ کی آبیاری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

خلافت سے کوئی بھی ٹکر جو لے گا
وہ ذلّت کی گہرائی میں جا گرے گا
خدا کی یہ سنّت ازل سے ہے جاری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

خدا کا ہے وعدہ خلافت رہے گی
یہ نعمت تمہیں تا قیامت ملے گی
مگر شرط اس کی اطاعت گزاری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

محبت کے جذبے، وفا کا قرینہ
اُخوّت کی نعمت، ترقی کا زینہ
خلافت سے ہی برکتیں ہیں یہ ساری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

الٰہی ہمیں تُو فراست عطا کر
خلافت سے گہری محبت عطا کر
ہمیں دکھ نہ دے کوئی لغزش ہماری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

(ہے دراز دستِ دُعا مرا صفحہ ۱۵۱،۱۵۲)

خلافت رابعہ میں ہجرت کے اثمار

آسیہ پرویز صاحبہ مجلس کلوفتہ

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِى الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ط (سورۃ النساء آیت:۱۰۱)

ترجمہ: اور جو شخص اللہ کی راہ میں ہجرت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے زمین میں بہت سی وسعتیں عطا فرماتا ہے۔

اس آیت کریمہ کا سب سے عظیم الشان اطلاق تو حضرت محمد ﷺ پر ہوتا ہے جنہیں اسلام کے دشمنوں نے مکہ مکرمہ سے ہجرت پر مجبور کر دیا تھا۔ چونکہ آپ کی ہجرت محض اللہ تعالیٰ کی خاطر تھی اس لیے خدا تعالیٰ نے آپ کو عظیم الشان عالمی فتوحات جیسے اثمار سے نوازا۔ آپ ﷺ کے بعد بھی یہ مضمون آپؐ کے غلاموں پر بڑی شان و شوکت سے صادق آتا رہا۔ چنانچہ جماعت احمدیہ بھی اس آیت کریمہ کی مصداق ٹھہری۔

۱۹۸۴ء میں جب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ پاکستان سے بتقدیر الٰہی ہجرت کر کے لندن تشریف لائے تو جماعت ایک نئے دور میں داخل ہوئی۔ وہ دور جس میں مخالفتیں بھی انتہا درجہ کی ہوئیں۔ یہاں تک کہ پاکستان کے اس وقت کے آمر نے اپنے اس ناپاک عزم کا کھلے بندوں اعلان کیا اور اس کا یہ پیغام انگلستان میں مولویوں کی ایک کانفرنس میں پڑھ کر سنایا گیا کہ وہ احمدیت کے کینسر کو ختم کر دے گا۔ لیکن جس قدر مخالفت بڑھتی گئی اس سے کہیں زیادہ زور اور شدت کے ساتھ آسمان سے فرشتوں کی مدد نازل ہوتی چلی گئی اور وہ صدائے فقیرانہ جسے دشمن ختم کر دینا چاہتا تھا دیکھتے ہی دیکھتے تمام اطراف میں اس شان اور عظمت سے پھیلنے لگی کہ اس سے زمین ہی نہیں فضا بھی گونجنے لگی۔ بڑی کثرت سے مساجد کی تعمیر شروع ہوئی۔ قرآن مجید اور اسلامی لٹریچر کا مختلف زبانوں میں ترجمہ ہوا اور اسے کثرت سے پھیلایا گیا۔ خدمت خلق اور ہمدردیٔ بنی نوع انسان کے کاموں میں نئی بلندیاں حاصل ہوئیں اور لوگ جوق در جوق اس الٰہی نظام سے وابستہ ہونے لگے۔ ۱۹۹۳ء میں پیارے حضور خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے عالمی بیعت کی تحریک فرمائی تو چند ہزار سالانہ سے بڑھ کر یکدم دو لاکھ چار ہزار تین سو آٹھ تک تعداد جا پہنچی۔ آپ نے اس خواہش کا اظہار فرمایا کہ اگلے سال دو گنا ہو جائے تو خدا تعالیٰ نے ایسا بابرکت سلسلہ چلایا کہ یہ سلسلہ اس طرح بڑھتے بڑھتے ۱۹۹۸ء میں صرف ایک سال میں ۵۰ لاکھ چار ہزار ۵۹۱ بیعتوں تک جا پہنچا۔ (مطبوعہ الفضل انٹرنیشنل ۱۲ مئی ۱۹۹۹ تا ۷ مئی ۱۹۹۹)

جب بیعتوں کا سلسلہ شروع ہوا تو اس میں بیسیوں اقوام اور بیسیوں ممالک کے سینکڑوں زبانیں بولنے والے لوگ تھے۔ ان سب کی تربیت اور اصلاح ایک بہت بڑے اور وسیع نظام کا تقاضا کر رہی تھی جس کے ذریعہ وہ خدا کے خلیفہ کا حتی المقدور قرب حاصل کر سکیں۔

جماعت کی نئی نسل خصوصاً واقفین نو مستقبل کے مبلغ اور خدام

دین اپنے امام کی براہ راست توجہ اور رہنمائی کے محتاج تھے۔ ان حالات میں امام اور جماعت کے درمیان ایک ایسے رابطے کی ضرورت تھی جس میں کوئی دوسرا وجود حائل نہ ہو۔اور اگر زبان سمجھ بھی نہ آئے اور ترجمہ سن رہے ہوں، تب بھی امام کے دلی تاثرات آنکھوں کی راہ سے دلوں میں اُتریں اور ہیجان پیدا کریں۔ یہ ضرورت تھی جو خدا تعالیٰ نے ایم ٹی اے کے ذریعہ پوری فرمائی۔ خلافت رابعہ کے ہجرت کے اثمار میں سے یہ وہ بہترین ثمر تھا جس نے خلافت کے ساتھ محبت اور پیار کے دریا کناروں سے اچھال دیے۔ دُنیا کی تاریخ میں ٹیلی ویژن کو پہلی دفعہ اعلیٰ روحانی اقدار کے لیے استعمال کیا گیا جو موت کے منہ سے انسان کو کھینچ کر لے آیا ہے۔ یہ بات سچ ہے کہ

یہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی

محبت کا تو اک دریا رواں ہے

MTA کے پس منظر کا ایک بہت بڑا پہلو جماعت احمدیہ کا وہ جہاد ہے جو اس نے دجالی طاقتوں کے خلاف جاری کیا ہوا ہے۔

MTA پر حضور نے ترجمۃ القرآن کلاس کا آغاز کیا اور کل ۳۰۵ کلاسز نشر ہوئیں جس کا ثمر ہمیں قرآن کریم کے اُردو ترجمہ کی صورت میں ملا جو نہایت آسان سلیس اور فہم زباں میں پیش کیا گیا ہے جس سے قرآن کریم کا ترجمہ جاننے اور مفہوم سمجھنے والوں کے لیے بڑی آسانی پیدا ہوگئی ہے۔

۲۷ فروری ۱۹۹۳ سے MTA پر لائیو درس القرآن کا سلسہ جاری ہوگیا۔اور یہ بابرکت سلسہ ۱۵ دسمبر ۲۰۰۱ تک جاری رہا۔ ان درسوں میں حضور رحمہ اللہ تعالیٰ نے حل لغات، عمومی تشریحات اور بیسیوں اختلافی مسائل پر سیر حاصل بحث کی۔

نیز مستشرقین اور شیعہ علماء کے اعتراضات کے مدلل اور معقول جوابات دیے۔

آپ علم کا سمندر تھے۔آپ نے MTA کے ذریعہ اپنے خدا داد علم سے سامعین کی علمی پیاس بجھائی۔ ان پروگرامز کی کل تعداد ۲۸۲۴ بنتی ہے۔تفصیل درج ذیل ہے۔

۔پروگرام اعتراضات کے جوابات	۳۷
۔انگریزی ملاقات	۱۵۰
۔اردو ملاقات	۱۶۰
۔ہومیوپیتھی	۸۹۱

اس موضوع پر آپکی ایک شاہکار تصنیف ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل جو ۸۶۹ صفحات پر مشتمل ہے منظر عام پر آچکی ہے۔ یہ تصنیف ہومیوپیتھی پر ایک انسائکلوپیڈیا ہے جس سے بے شمار لوگ طبی لحاظ سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

۔لقاء مع العرب	۴۷۲
۔اردو کلاس	۴۵۰
۔بچوں کی کلاس	۳۰۰
۔فرنچ ملاقات	۲۰۹
۔بنگلہ ملاقات	۱۲۸
۔جرمن ملاقات	۱۳۰
۔لجنہ ملاقات	۱۳۰
۔اطفال ملاقات	۴۵

(بحوالہ الفضل انٹرنیشنل ۲۵ جولائی ۲۰۰۳)

مجلس عرفان کے پروگرام ان کے علاوہ ہیں۔ یہ وہ اثمار ہیں جو روح افزاء بن کر ہر احمدی کے دل و دماغ کو تقویت بخش رہے ہیں۔ بہتوں کی ہدایت اور اصلاح کا باعث بنے۔آپ نے

ان پروگراموں میں نہایت دلچسپ انداز میں روحانی خزائن کو تقسیم فرمایا۔

جناب ظہورالدین بابر صاحب اپنے کلام میں اس منظر کو یوں بیان کرتے ہیں۔

کانوں میں زندگی کا رس گھولتا ہوا
باتوں میں اپنی لعل و گہر رولتا ہوا
کیا رنگ تھا عجیب سوال و جواب کا
وہ آگہی کے سینکڑوں در کھولتا ہوا
کس بات کو کہیں کہ وہ بات خوب تھی
ہر بات تو وہ جیسے کرے تولتا ہوا

حضرت مسیح موعودؑ نے بڑے جلال اور تحدّی سے الٰہی وعدوں اور خدائی نصرتوں پر کامل یقین رکھتے ہوئے علی الاعلان فرمایا تھا:

''دیکھو وہ زمانہ چلا آتا ہے بلکہ قریب ہے کہ خدا اس سلسلہ کی دُنیا میں بڑی قبولیت پھیلائے گا اور یہ سلسلہ مشرق اور مغرب اور شمال اور جنوب میں پھیلے گا اور دُنیا میں اسلام سے مراد یہی سلسلہ ہوگا۔ یہ باتیں انسان کی باتیں نہیں۔ یہ اس خدا کی وحی ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔'' (تحفہ گولڑویہ۔ روحانی خزائن جلد ۱۷ص ۱۸۲)

ہجرت ہی کی وجہ سے یہ ساری بشارتیں جن کا مرکزی نقطہ تائید و نصرت الٰہی ہے بڑی شان سے دن رات پوری ہو رہی ہیں۔ ہر آنے والا دن احمدیت کی روز افزوں ترقی کا آئینہ دار ہے۔ اسلام کے عالمگیر غلبہ کے آثار روشن تر ہوئے جا رہے ہیں۔ فتح اسلام کا دلربا نقشہ ہماری نظروں کے سامنے روز بروز کھلتا جا رہا ہے۔

۲۰۴ ملکوں میں احمدیت کا پودا لگ چکا ہے۔ دُنیا بھر میں جماعت احمدیہ عالمگیر کی اشاعت اسلام و احمدیت، مساجد کی تعمیر۔ قرآن کریم اور دیگر اسلامی لیٹریچر کی اشاعت۔ خدمت انسانیت اور رفاہی کاموں اور اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اور احمدیت کی مقبولیت کے روشن نشانات خلافت رابعہ کی ہجرت کے اثمار ہی تو ہیں۔ ہجرت کے بعد عطا ہونے والے اثمار کا مکمل احاطہ کرنا تو ممکن نہیں۔ مختصر خاکہ پیش کیا گیا۔ تاریخ آپ کو ہمیشہ ایک رہبر اور راہ نما کے طور پر یاد کرے گی۔ آپ نے جماعت کی ترقی میں ایک خاص کردار ادا کیا۔

اللہ تعالیٰ آپ پر ہزاروں رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین اللھم آمین

ٹوٹکے

روزانہ ایک سیب	نو ڈاکٹر
روزانہ پانچ بادام	نو کینسر
روزانہ ایک لیموں	نو مٹاپا
روزانہ ایک گلاس دودھ	نو بون پرابلم
روزانہ چار کھجوریں	نو کمزوری
روزانہ ۱۲ گلاس پانی	نو سکن پرابلم
روزانہ پانچ وقت نماز	نو ڈیپریشن
روزانہ تلاوت کریم	سکون ہی سکون

(سیّدہ امتہ السلام عقیل صاحبہ مجلس برنسدال)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس.. امن کے پیامبر

(عفیفہ نجم۔ جماعت stovner)

خدا تعالیٰ کے ہم پر بیشمار احسانات میں سے ایک احسانِ عظیم یہ بھی ہے کہ اس نے خلافت علیٰ منہاجِ نبوت کا مبارک نظام ہمیں دیا۔ اور جب وہ کسی کو کسی کام کیلئے منتخب کرتا ہے تو اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْاَشْہَاد کے مطابق اسے اپنی غیر معمولی تائید و نصرت سے بھی نوازتا ہے۔ جماعت احمدیہ کی تاریخ بھی الٰہی نصرت کے نشانات سے بھری پڑی ہے جو اس پر بارش کی طرح برستے رہتے ہیں۔

قدرتِ ثانیہ کے پانچویں مظہر حضرت مرزا مسرور احمد ایدہٗ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مبارک و مقدّس وجود رِجالٌ مِن فارس کا درخشندہ ثبوت بننے والا تھا اس لیے آپ کا نام مسرور احمد رکھا گیا جو حضرت مسیحِ موعودؑ کا الہامی نام ہے۔

حضرت مسیحِ موعود علیہ السلام کو الہام ہوا تھا کہ اِنِّی مَعَکَ یَا مَسْرُوْر. اس الہام کے مصداق اللہ تعالیٰ کی خاص تائید ہمارے پیارے خلیفۃ المسیح الخامس کو حاصل ہے اور آپ کا وجود موجودہ دَور کی ظلمت میں ایک روشن مینار کی طرح ہے جو دُنیا کو اضطراب اور خوف سے نکال کر امن و آشتی کی طرف راہ نمائی کر رہا ہے۔ آپ کی مصروف ترین زندگی کا ہر لمحہ دُنیا کو اللہ کی طرف بلانے میں صرف ہو رہا ہے تا لوگ معصیت کی دلدل سے نکل کر حق کو قبول کریں او ران کے دل سکون پائیں کیونکہ جب دلوں میں سکون ہوگا تو معاشرہ میں بھی امن و سکون ہوگا۔ جماعتِ احمدیہ کا عالمی بھائی چارہ کا تصوّر اور ماٹو "محبت سب کیلئے نفرت کسی سے نہیں" ایک نہایت اہمیت کا حامل تصوّر ہے جو تمام انسانیت کو اکٹھا کر دیتا ہے اور ہر قسم کی نسلی اور مذہبی تفریق کو الگ کر کے انسانیت کو یکجا کرنے کی ضمانت دیتا ہے۔

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہٗ اللہ تعالیٰ بنصرہٖ العزیز نے دُنیا کے مختلف ممالک میں جا کر امن کانفرنسز میں شرکت کی۔ ان میں کینیڈا، امریکہ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، سنگاپور، جاپان، جرمنی، ہالینڈ، سپین، ناروے، سویڈن، ڈنمارک وغیرہ اور بعض افریقی ممالک شامل ہیں۔ ان ممالک کے مختلف شہروں میں آپ کے اعزاز میں Receptions کا اہتمام بھی کیا گیا جہاں آپ نے اپنے خطابات کے ذریعہ وضاحت فرمائی کہ دُنیا میں بدامنی کی اصل وجہ کیا ہے اور اس کا حل کیا ہے۔ آپ نے امن، انصاف اور رواداری کا پیغام دُنیا تک پہنچایا کہ محبت ہی وہ واحد راستہ ہے جس پر چل کر امن کا حصول ممکن ہے۔ نیوزی لینڈ کے بادشاہ کی طرف سے آپ کے اعزاز میں استقبالیہ دیا گیا۔ ان باوقار تقریبات میں مختلف ممالک سے آئے ہوئے اعلیٰ افسران، ڈپٹی ہائی کمشنرز، ممبر پارلیمنٹ، پولیس افسر، یونیورسٹی کے پروفیسر اور وکلاء وغیرہ نے بھی شمولیت کی اور اعتراف کیا کہ دُنیا

کی کسی بھی تنظیم کے پاس اس قسم کا نظامِ قیادت نہیں، جماعتِ احمدیہ ہی اسلام کا صحیح نمونہ ہے جو دُنیا سے نفرتوں اور برائیوں کی تاریکی مٹانے اور ہر سمت محبت و امن کی روشنی پھیلانے کا کام کر رہی ہے۔ جہاں جہاں بھی آپ تشریف لے گئے وہاں میڈیا نے بھی کوریج دی اور اخبارات اور ٹی وی کے ذریعہ امنِ عالَم کے لئے آپ کی کاوشوں کو بہت اچھے رنگ میں پیش کیا۔

قیامِ امن کے لیے آپ کی کوششوں کو دیکھتے اور سراہتے ہوئے یورپین پارلیمنٹ برسلز میں آپ کو مدعو کیا گیا جہاں آپ نے امنِ عالم کو درپیش مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے اسلامی تعلیم کی روشنی میں ان کے حل پر مشتمل نہایت بصیرت افروز تاریخی خطاب فرمایا اور بتایا کہ اسلام ایسا مذہب ہے جو دُنیا میں قیامِ امن کیلئے معین رہنمائی دیتا ہے۔ دُنیا کی بدامنی اور فساد کا الزام اکثر مذہب اور خصوصاً اسلام پر لگایا جاتا ہے حالانکہ اسلام تو امن اور سلامتی کا نام ہے اور امن کے قیام کیلئے اصول وضع کرتا ہے۔ جدید ذرائع آمد و رفت، میڈیا، انٹرنیٹ اور متعدد دیگر ذرائع سے دُنیا بھر کی قومیں ایک دوسرے کے قریب آ گئی ہیں اور دُنیا ایک Global village بن گئی ہے۔ مختلف ممالک کے داخلی مسائل سنگین صورت اختیار کر چکے ہیں جو کہ پوری دُنیا کیلئے خطرہ بنے ہوئے ہیں۔ چنانچہ امن کے قیام اور بہتری کیلئے ضروری ہے کہ تمام فریق باہم کوشش کریں اور حکومتیں ایسی پالیسیاں ترتیب دیں جن سے باہمی احترام کو فروغ اور تحفظ ملے اور ایسی پالیسیاں ختم کریں جن سے دوسروں کے جذبات کو ٹھیس یا نقصان پہنچتا ہو۔ بین المذاہب ہم آہنگی اور برداشت پیدا کریں اور مسلمانوں کے خلاف پابندیاں لگانے سے گریز کریں کیونکہ پابندیوں سے نہ تو ذہن و تصورات کو بدلا جا سکتا ہے اور نہ امن حاصل ہو سکتا ہے۔ جب بھی کسی کو مذہبی یا اعتقادی طور پر دبایا جاتا ہے تو اس کا منفی ردّعمل ظاہر ہوتا ہے جو امن کی تباہی کا باعث بنتا ہے۔ آپ نے بتایا کہ اس قسم کے مسائل اور بے چینی کا ایک سبب معاشی بحران بھی ہے۔ اس بحران نے نہ صرف مغربی اور مسلم ممالک کے درمیان اختلافات پیدا کئے ہیں بلکہ یورپین ممالک کے باہمی تعلقات کو بھی متاثر کیا ہے۔

آپ نے بتایا کہ امن اور تحفّظ کے بہت سے پہلو ہیں۔ جہاں ہر ایک پہلو اپنی جگہ انفرادی طو پر اہمیت کا حامل ہے وہاں ایک پہلو دوسرے پہلو سے باہمی ربط بھی رکھتا ہے۔ معاشرہ میں امن کے قیام کا سب سے بنیادی عنصر گھریلو سکون اور ہم آہنگی ہے۔ گھر کی صورتِ حال کا مقامی علاقہ پر گہرا اثر ہوتا ہے، پھر اس علاقہ کا اثر قصبہ یا شہر پر ہوتا ہے اور اسی طرح ایک شہر کی صورتِ حال پورے ملک کی مجموعی صورتِ حال پر اور پھر ایک ملک کی بدامنی پوری دُنیا کے امن و سکون کو متاثر کرتی ہے۔

آپ نے یہ بھی بتایا کہ امن قائم کرنے کیلئے یہ ضروری ہے کہ کوئی فریق کسی بھی طور پر فخر اور تکبّر کے جذبات کا اظہار ہرگز نہ کرے۔ کوئی قوم کسی دوسری قوم سے اعلیٰ یا افضل نہیں ہے بلکہ قومیتوں، رنگوں اور نسلوں کا اختلاف صرف اور صرف شناخت اور پہچان کیلئے ہے۔ اگر ترقی یافتہ قومیں ترقی پذیر ممالک کا استحصال کریں اور ان کو ترقی کے مواقع فراہم نہ کریں تو پھر اضطراب پھیلے گا اور بے چینی عالمی امن اور تحفّظ پر غالب

آ جائے گی۔ باہمی اتحاد کو برقرار رکھنے کیلئے ایک دوسرے کے حقوق تلف نہیں کرنے چاہئیں بلکہ ان کا احترام کرنا چاہئے اور دوسروں کی دولت اور اَملاک کی حرص نہیں کرنی چاہئے۔ سزا قصور کے مطابق ہونی چاہئے لیکن معاف کرنے سے اصلاح ہوتی ہو تو معاف کرنے کو ترجیح دینی چاہئے اور اصل بنیادی مقصد اصلاح، مفاہمت اور دیرپا امن کا قیام ہونا چاہئے۔

آپ کے اس بصیرت افروز خطاب، آپ کے نظریات اور امنِ عالم کے لئے آپ کی کوششوں کو تمام لیڈروں نے بہت سراہا۔

Bishop Dr. Amen Howard نے کہا کہ "یہ شخص جادوگر نہیں ہے لیکن ان کے الفاظ جادو کا سا اثر رکھتے ہیں۔ لہجہ دھیما ہے لیکن ان کے منہ سے نکلنے والے الفاظ غیر معمولی طاقت، شوکت اور اثر اپنے اندر رکھتے ہیں۔ اس طرح کا جرأت مند انسان مَیں نے اپنی زندگی میں کبھی نہیں دیکھا۔ آپ کی طرح کے صرف تین انسان اگر اس دنیا کو مل جائیں تو امنِ عامہ کے حوالے سے اس دُنیا میں حیرت انگیز انقلاب مہینوں نہیں بلکہ دنوں کے اندر برپا ہو سکتا ہے اور یہ دُنیا امن اور بھائی چارہ کا گہوارہ بن سکتی ہے"۔

جاپانی بدھ ازم کے نمائندہ Jorge Koho Mello نے کہا کہ "آپ (حضور انور ایدہٗ اللہ تعالیٰ) کو جو علم، دانائی اور حکمت ودیعت کی گئی ہے کاش لوگ اس علم اور دانائی سے فائدہ اُٹھائیں"۔

ایک ممبر پارلیمنٹ Dr. Mass نے اپنے تأثرات کا ظہار کرتے ہوئے کہا کہ "حضور نے دُنیا کیلئے جو امن کا پیغام دیا ہے اور ہماری راہ نمائی کی ہے اس کے لئے ہم ان کے بے حد شکرگذار ہیں"۔

ایک اور ممبر پارلیمنٹ Mr. Godfrey Bloom نے کہا "آج حضور انور کے خطاب نے ہمیں روشنی عطا کی ہے"۔

فرانس سے ایک یونیورسٹی کے پروفیسر Mr. Marco Tiani نے کہا کہ "میرے لئے یہ بہت عزّت اور برکت کا باعث تھا کہ مَیں ایک حقیقی امن والے انسانی حقوق کے عظیم لیڈر اور مذہبی آزادی کے ایک حقیقی علمبردار کی موجودگی میں وہاں موجود ہوں۔ میرے لئے یہ فخر کی بات ہے کہ مَیں ایک مردِ خدا سے ملا جو امن اور باہمی تعلقات کا ایک عظیم لیڈر ہے اور "محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں" کا نعرہ سب سے طاقتور امن کی ضمانت دینے والا ہے"۔

اس کے علاوہ آپ نے بہت سے ممالک کے سربراہان کو خطوط لکھے جن میں پوپ، وزیرِ اعظم اسرائیل، ایران کے صدر، امریکہ کے صدر، کینیڈا کے وزیرِاعظم، سعودی عرب کے بادشاہ، چین کے راہ نما اور یوکے کے وزیرِ اعظم وغیرہ شامل ہیں۔ ان خطوط میں آپ نے ان کو توجہ دلائی کہ وہ عالمی امن کے قیام کیلئے اپنی پالیسیاں بدلیں اور مذہب کے نام پر جنگوں اور قتل و غارت گری کے خاتمہ کیلئے اپنی بھرپور کوششیں کریں کیونکہ دُنیا تباہی کے دہانے پر کھڑی ہے۔ مسلمانوں کو دہشت گرد سمجھا جاتا ہے حالانکہ اسلام کی تعلیم تو محبت اور امن وسلامتی کا سبق دیتی ہے۔ مسلمان نہیں چاہتے کہ وہ دُنیا میں عالمی جنگ اور تباہی کا سبب بنیں۔ اگر عالمی جنگ شروع ہوگئی تو ہولناک تباہی یقینی ہے کیونکہ یہ ایٹم کا دَور ہے۔

دُنیا کے تیزی سے بگڑتے ہوئے حالات اور عرب ممالک جن

میں خاص طور پر شام کی نازک صورتِ حال کے پیشِ نظر آپ وقتاً فوقتاً مختلف رہنماؤں سے ملاقاتیں کرکے ان کے سامنے اسلامی نظریات اور ایسا لائحہ عمل پیش کرتے ہیں جن سے دُنیا میں امن کا قیام ممکن ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ مختلف ممالک میں مساجد کی تعمیر میں کوشاں ہے۔ان مساجد کے افتتاح کے موقع پر جہاں مقامی کمیونٹی کے نمائندے اور اعلیٰ عہدیدار بھی مدعو ہوتے ہیں حضور ایدہٗ اللہ تعالیٰ ان کے سامنے اسلامی اخوّت کی تعلیم پیش کرتے ہیں جس کا ان کے دلوں پر مثبت اثر ہوتا ہے اور وہ اس کا اعتراف بھی کرتے ہیں کہ آپ قیامِ امن کے حقیقی علمبردار اور عظیم لیڈر ہیں۔

آپ اپنی جماعت اور دیگر مسلمانوں کو بھی اپنے خطبات اور خطابات کے ذریعہ یہی پیغام دیتے ہیں کہ دُنیا میں امن کے قیام کیلئے ضروری ہے کہ وہ اسلامی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے صحیح اسلامی نمونہ پیش کریں کیونکہ اسلامی تعلیم امن کی ضمانت دیتی ہیں۔ظلم کا جواب ظلم سے دینے کی بجائے صبر اور دُعا کو اپنا ہتھیار بنائیں اور اپنے درد وغم کو دُعاؤں میں ڈھال لیں۔

تو نے بانٹے، جو پیار کے تحفے۔ پھول کھلتے دلوں پہ دیکھا ہے
تیرے منشورِ امنِ عالم کو پاؤں دھرتے دلوں پہ دیکھا ہے
اے محبت کے بادشاہ تیرا حکم چلتے دلوں پہ دیکھا ہے

عہد لجنہ اِماءِاللہ

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

''میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنے مذہب اور قوم کی خاطر اپنی جان، مال، وقت اور اولاد کو قربان کرنے کے لئے ہر دم تیار رہوں گی، نیز سچائی پر ہمیشہ قائم رہوں گی اور خِلافتِ احمدیہ کو قائم رکھنے کے لئے ہر قربانی کے لئے تیار رہوں گی''۔اِنشاءاللہ تعالیٰ

عہد ناصرات الاحمدیہ

''میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنے مذہب، قوم اور وطن کی خدمت کے لئے ہر وقت تیار رہوں گی۔سچائی پر ہمیشہ قائم رہوں گی اور خِلافتِ احمدیہ کو قائم رکھنے کے لئے ہر قربانی کے لئے تیار رہوں گی''۔اِنشاءاللہ تعالیٰ

``Jeg bevitner at jeg vil til enhver tid være villig til å ofre mitt liv, eiendeler,tid og barn for min tro og mitt land. Jeg vil stå fast ved sannheten, og være villig til å ofre alt for å opprettholde Khilafat-e-Ahmadiyyat.``

خونِ شہیدانِ اُمّت کا اے کم نظر رائیگاں کب گیا تھا کہ اب جائے گا
ہر شہادت ترے دیکھتے دیکھتے پھول پھل لائے گی، پھول پھل جائے گی
(مریم مسلم مجلس کلونتہ)

میرے والد پروفیسر عباس بن عبدالقادر (تاریخ پیدائش 28 دسمبر 1918 تاریخ شہادت 2 ستمبر 1974) اور چچا جان ڈاکٹر عقیل بن عبدالقادر (تاریخ پیدائش 21 اکتوبر 1921 تاریخ شہادت 9 جون 1985) حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کے برادر نسبتی حضرت پروفیسر عبدالقادر صاحب رضی اللہ عنہ کے صاحبزادگان تھے۔ میں پہلے اپنے والد کے بارے میں کچھ واقعات عرض کروں گی اور پھر چند باتیں چچا جان کے بارے میں۔

پروفیسر عباس بن عبدالقادر

میرے والد ایک سچے مسلمان، احمدیت کے جانثار، جری اور نڈر داعی الی اللہ، خلافت سے سچا تعلق رکھنے والے، بے حد علم دوست اور ضرورت مندوں کے کام آنے والی ہستی تھے۔ ان کی زندگی کا مقصد لوگوں کو مشکلات سے نکالنے اور ضرورت کے وقت مدد کرنا تھا۔ اپنی 56 سالہ مختصر زندگی میں انہوں نے معاشرے میں ہر طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی خدمت کی۔

ایک پروفیسر کی حیثیت سے اپنے شاگردوں کی تعلیم کے حصول میں مدد کے علاوہ زندگی کے مسائل میں انکی مدد کرنا بھی ضروری سمجھتے تھے۔ اسی وجہ سے شہری علاقوں سے باہر سے آنے والے شاگردوں کے والدین آپ کو ان کا سرپرست مقرر کر دیتے تھے۔ ان کے ایک احمدی شاگرد ڈاکٹر بشیر صاحب (جواب امریکہ میں مقیم ہیں) نے میری والدہ کو بتایا کہ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ کسی شاگرد کو کرایہ کی ضرورت ہو یا کوئی اور مسئلہ ہو، یا پھر فیس کے معاملات ہوں اور پروفیسر صاحب نے مدد نہ کی ہو یا حل نہ کی ہوں۔

ہمارے بچپن میں ہمیں یاد ہے کہ کالج جانے سے پہلے اپنے شاگردوں کو جن کو مضامین میں مدد کی ضرورت ہوتی صبح سویرے گھر پر بغیر کوئی فیس لئے پڑھاتے۔ آپ کے شاگرد دُنیا میں ہر طرف آپکی ان کوششوں کے ثبوت کے طور پر پھیلے الحمد للہ کامیاب زندگیاں گذار رہے ہیں۔ اور بہت سے صدقہ جاریہ کی صورت میں آپ کے کام کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ آپ کے ایک شاگرد چودھری محمد حسین صاحب لاہور میں ایک مشہور اور کامیاب وکیل رہے ہیں۔ چودھری صاحب محترم کالج کے زمانے میں اپنی تعلیم جاری رکھنے کے ساتھ ساتھ اپنے یتیم بہنوں بھائیوں اور والدہ کی کفالت کے لئے پنجاب یونیورسٹی کے ایک آفس میں کلرک کی نوکری بھی کرتے تھے۔ ان کے آفس کے ڈیسک میں کسی نے ایک غیر لائسنس شدہ پستول رکھ دیا جس کی وجہ سے ان پر ایک فوجداری مقدمہ قائم ہو گیا۔ میرے والد نے ان کی ضمانت دی جس کی وجہ سے ان کی تعلیم میں حرج نہ ہوا اور وہ اپنی تعلیم مکمل کر کے ایک بہترین پیشہ اپنا سکے۔ چودھری صاحب اس وجہ سے غیر از جماعت ہونے کے باوجود ابا جان سے بہت عقیدت رکھتے تھے اور جب ابا جان کو ملازمت میں سنیارٹی کا مقدمہ کرنا پڑا تو چودھری صاحب نے فیس لینے سے انکار کر دیا اور اس کے بغیر ہی خدا کے فضل سے مقدمہ میں کامیابی حاصل کی۔

گھر کے ملازمین سے بھی ہمیشہ بہت ہمدردی اور نرمی سے پیش آتے اور ان کی بھی ہر ممکن مدد کرتے۔ اگر سڑک پر چلتا ہوا کوئی ضرورت مند مل جاتا تو اسی وقت اس کی ضرورت پوری کرنے کی کوشش کرتے، حتیٰ کہ اپنا کوٹ اور سوئیٹر بھی اتار کر دے دیتے۔ میرے ابا جان جماعت سے

تعلق ترک کرنے والے احباب کو جماعت کی طرف واپس لانے میں مستقل بہت کوشش کرتے رہتے۔ خیر پور سندھ میں ایک صاحب (نام لینا مناسب نہیں) اپنے والد سے اختلاف کی وجہ سے جماعت سے دور ہو چکے تھے۔ ان کے ایک بھائی مخلص احمدی تھے اور مرکز سلسلہ ربوہ میں ایک اہم عہدے پر فائز تھے اور بہن بھی مخلص احمدی تھیں۔ ابا جان کو جب ان کے بارے میں علم ہوا تو ان کو محبت اور ہمدردی سے سمجھانے کی کوشش کرتے رہتے اور ان کی مالی مشکلات میں اکثر ان کی مدد کرتے رہتے۔ بہت سے لوگ آپ کی تبلیغ سے احمدیت میں داخل ہوئے اور خدا کے فضل سے ہمیشہ جماعت سے منسلک رہے۔ آپ کی تبلیغ کا انداز کبھی جارحانہ نہ رہا مگر کبھی بھی جماعت اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر مخالفانہ حملوں کو بھی برداشت نہ کرتے اور ضرور مدلل جواب دیتے۔

آپ کی شہادت پر آپ کی اسی جری طبیعت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے جماعت کے مایہ ناز شاعر محترم چودھری محمد علی صاحب نے اپنی ایک نظم میں آپ کے بارے میں اس طور سے ذکر کیا۔

"میں روح عصر ہوں، نہ مجھے موت سے ڈرا"

آپ کی شہادت ذوالفقار علی بھٹو کے زمانے میں جماعت احمدیہ کے خلاف ہنگاموں کے دوران 2 ستمبر 1974 کو خیر پور سندھ میں ہوئی جہاں آپ کالج میں پروفیسر کی حیثیت سے تعینات تھے۔ دادا جان حضرت پروفیسر عبدالقادر صاحب رضی اللہ عنہ ابا جان کی شہادت کے وقت حیات تھے۔ آپ نے کہا کہ "میں نے کچھ عرصہ پہلے خواب میں دیکھا کہ مجھے جنت کے پھلوں میں سے پھل پیش کئے گئے اور میں بعد میں بہت حیران تھا کہ میں نے کیا ایسا کام کیا ہے، مگر عباس کی شہادت کے بعد مجھے اس خواب کی تعبیر یاد آئی کہ جنت کے پھلوں سے مراد تو شہید اولاد ہوتی ہے"

آپ کی شہادت کے وقت احباب جماعت کے علاوہ غیر از جماعت لوگوں نے بھی بہت افسوس کا اظہار کیا اور ہمارے غم میں شریک رہے۔

ڈاکٹر عقیل بن عبدالقادر

چچا جان ڈاکٹر عقیل بن عبدالقادر بھی اپنے بڑے بھائی پروفیسر عباس بن عبدالقادر کی طرح سے ایک بہت نافع الناس اور بہادر وجود تھے۔ اپنے تمام کامیاب کیریئر میں انہوں نے کبھی جماعت سے تعلق رکھنے والے کسی فرد سے اپنی ذاتی فیس نہ لی۔ استطاعت نہ رکھنے والے غیر از جماعت مریضوں کا علاج بھی فیس لئے بغیر کرتے، اور بہت سے لوگوں کو گھر میں رکھ کر علاج کرتے، آپ آنکھوں کے علاج اور سرجری میں بہت مہارت رکھتے تھے۔

خدا تعالیٰ کا آپ سے عجیب تعلق تھا۔ اس سلسلے میں ایک واقعہ پیش کرتی ہوں۔

کراچی میں رہائش رکھنے والے ایک صاحب ایک ایسی آنکھوں کی بیماری میں مبتلاء ہوئے جس سے ان کی بینائی متاثر ہوئی اور بہت علاج کرنے کے بعد ڈاکٹروں نے ان کو کہہ دیا کہ اب اور کوئی علاج نہیں اور بینائی مکمل ختم ہو جائے گی، وہ صاحب اس بات سے بہت غمگین ہوئے۔ یہ صاحب شعر و شاعری بھی کرتے تھے۔ انہوں نے خدا تعالیٰ سے دُعا کی اور یہ ارادہ کیا کہ وہ حضرت اقدس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ایک نعت لکھیں گے اور اس مبارک توصیف سے ان کی بینائی ٹھیک ہو جائے گی۔ انہوں نے ایک نعت تحریر کی اور کچھ عرصے بعد ان کو خواب میں کہا گیا کہ تم ہندوستان کے شہر اجمیر چلے جاؤ اور وہاں جا کر دُعا کرو۔ وہاں جا کر جب ان صاحب نے دُعا کی تو ایک دن ان صاحب کو خواب ہی میں بتایا گیا کہ "ڈاکٹر عقیل کے پاس تمہارا علاج ہے"۔ ان صاحب کو ڈاکٹر عقیل کے بارے میں کچھ علم نہ تھا، انہوں نے وہاں پر رہنے والوں سے معلوم کرنے کی کوشش کی مگر وہاں پر بھی کوئی بھی کسی آنکھوں کے علاج کے ماہر ڈاکٹر عقیل کے بارے میں کچھ نہ بتا سکا۔ جب ان کے ویزے کی مدت ختم ہوئی تو وہ واپس ملک کی طرف چل پڑے۔ جب وہ صاحب لاہور سے کراچی کی طرف روانہ ہوئے تو حیدر آباد کے اسٹیشن سے کچھ پہلے دو حضرات کو ڈاکٹر عقیل آئی اسپیشلسٹ

کے بارے میں بات کرتے سنا۔ان کے پوچھنے پر ان صاحبان نے بتایا کہ ڈاکٹر عقیل حیدر آباد میں رہتے اور پریکٹس کرتے ہیں۔یہ حیدر آباد کے اسٹیشن پر اترے اور سواری لے کر سیدھے کلینک پر پہنچے۔ان صاحب نے اپنا واقعہ کچھ اور لوگوں کی موجودگی میں جن میں چچا جان ڈاکٹر عقیل صاحب کے کلینک اسسٹنٹ مبارک صاحب بھی تھے بیان کیا۔ یہ 1953 کے فسادات کے زمانے میں لاہور میں مقیم تھے اور رضا کارانہ کام میں دل و جان سے شریک رہے۔یہ صاحب خدا کے فضل سے علاج کے بعد صحت یاب ہو کر کراچی واپس لوٹے۔

چچا جان کو اپنے بھائی عباس بن عبدالقادر سے بیحد محبت تھی اور شوق شہادت بھی بہت تھا۔ میرے والد کی شہادت سے پہلے ایک خواب دیکھا کہ میرے بھائی عباس اپنے ایک کالج کے ساتھی جن کا نام مسیح الزماں تھا کے دستر خوان پر کھانا کھا رہے ہیں۔اس سے بعد میں نے یہی تعبیر کی کہ نام کا اشارہ امام الزماں کی طرف ہی تھا اور شہادت ان کا دستر خوان ہے۔یہ بھی کہتے کہ میری زبان پر بھائی کی شہادت کے بعد یہ شعر جاری ہو: قیس جنگل میں اکیلا ہے مجھے جانے دو

خوب گذرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو

ابا جان کی شہادت کے عین گیارہ برس کے بعد آپ پر آپ کے گھر کے باہر گاڑی میں بیٹھے ہوئے حملہ ہوا اور آپ 63 برس کی عمر میں شہید کر دیئے گئے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے آپ کے نام پر آپ کی خدمات کو زندہ رکھنے کے لئے کراچی میں ایک چیریٹی آئی ہسپتال کا قیام فرمایا اور اس کا نام ''ڈاکٹر عقیل بن عبدالقادر شہید آئی ہاسپٹل "رکھا۔ یہاں پر جماعت احمدیہ کے ماہرین امراض چشم اپنی خدمات سے لوگوں کو علاج فراہم کرتے ہیں۔

چچا جان کی شہادت کے وقت اگرچہ دادا جان کی وفات ہو چکی تھی مگر آپ کی شہادت سے حضرت دادا جان کی خواب جس میں آپ کو جنت کے پھل پیش کئے گئے دوسری دفعہ پوری ہوئی۔

ہماری دُعا ہے کہ خدا تعالیٰ ان دونوں بزرگوں کے درجات بلند سے بلند فرمائے اور ہمیں ان کی نیکیوں کا وارث بنائے۔آمین ثم آمین۔

(بقیہ روزہ صفحہ 39۔۔۔۔۔۔۔۔۔)

دودھ پلانے والی عورت اور حاملہ کے لئے کوئی ایسا حکم نہیں مگر رسول کریم ﷺ نے انہیں بیمار کی حد میں رکھا ہے۔

سوال: طالب علم جو امتحان کی تیاری میں مصروف ہے اس کے لئے روزہ رکھنے کی کیا ہدایت ہے؟

جواب: روزہ کی وجہ سے روزمرہ کی مصروفیات کو ترک کرنے کا ہمیں حکم نہیں دیا گیا اس لئے روزمرہ کے کام کی وجہ سے اگر ایک انسان کے لئے روزہ ناقابلِ برداشت ہے تو وہ مریض کے حکم میں ہے لیکن اس بارہ میں کلیۃً وہ اپنے اقدام کا خود ذمہ دار ہو گا اور اس سے اس کی نیت اور حالات کے مطابق اللہ تعالیٰ سلوک کرے گا۔(فقہ احمدیہ صفحہ 292-291)

فدیہ: جو مستقل بیمار ہوں یا روزہ رکھنے کی طاقت نہ رکھتے ہوں ان کے لئے اللہ تعالیٰ کا حکم ہے:

''پس جو بھی تم میں سے مریض ہو یا سفر پر ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اتنی مدت کے روزے دوسرے ایام میں پورے کرے۔اور جو لوگ اس کی طاقت رکھتے ہوں ان پر فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے۔(البقرہ:۱۸۵)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں: ''اس آیت میں **یُطِیْقُوْنَہٗ** کے دو معانی ہیں: ایک وہ جو طاقت رکھتے ہیں اور ایک وہ جو طاقت نہیں رکھتے کیونکہ اس لفظ میں سلبی اور ایجابی دونوں معانی پائے جاتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو وقتی مجبوری یا بیماری کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکیں مگر ویسے روزہ کی طاقت رکھتے ہوں ان کو فدیہ دینا چاہیے البتہ انہیں چھوٹے ہوئے روزے بعد میں رکھنے ہوں گے۔دوسرے وہ جو طاقت ہی نہیں رکھتے ان کے لئے فدیہ کافی ہوگا اور بعد میں روزے نہیں رکھنے ہوں گے۔(القرآن صفحہ 47 حاشیہ:1)

اللہ تعالیٰ ہمیں ہماری استطاعت کے مطابق رمضان کی برکتوں سے فائدہ اٹھانے کی توفیق دے۔آمین

لجنہ اماءاللہ برطانیہ کی عہدیداروں کے دوروزہ ریفریشر کورس کی اختتامی تقریب میں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے

لجنہ اماءاللہ کے سوالات کے جواب دے کر راہنمائی فرمائی

مبشرہ حامد صاحبہ مجلس درامن

ایک بہن نے اپنی بیٹی کا سوال عرض کیا کہ جب آپ کہتے ہیں کہ دُعا کرو تو خدا تعالیٰ سنتا ہے۔ اگر دُعا قبول نہیں ہوتی تو کہہ دیا جاتا ہے کہ کوئی مصلحت ہوگی۔ اس بچی کو کس طرح تسلّی بخش جواب دیا جائے؟

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: اللہ تعالیٰ عالم الغیب و الشہادۃ ہے۔ غیب کو بھی جانتا ہے اور حاضر کو بھی وہ جانتا ہے کہ کیا چیز بہتر ہے۔ اگر کوئی کسی رشتہ کی خواہش کرے تو وہ اس کے لئے دُعا کرے۔ اسی لئے استخارہ کا حکم ہے کہ ہوسکتا ہے جو خواہش تھی وہ بہتر نہیں تھی۔ پھر اگر کسی کا **مثال کے طور پر خیال ہے کہ وہ دُعا کرے کہ میری پہلی پوزیشن آجائے تو ہوسکتا ہے اس کی محنت کا قصور ہو۔ تم نے محنت کی مگر ہوسکتا ہے دوسروں نے اور زیادہ محنت کی ہو۔** جب اللہ تعالیٰ کو علم ہے کہ فلاں نے زیادہ محنت کی تو اُس کو reward ملا۔ دوسری بات یہ کہ اللہ تعالیٰ دُعا سنتا ہے۔ بچوں کی بھی سنتا ہے۔ لڑکیاں بھی کئی دفعہ بتاتی ہیں کہ اُن کی دعا قبول ہوئی۔ ان خاص حالات میں یہ سوچنا کہ دوسرا عیسائی یا کسی اور مذہب کا تھا تو پھر اسے کیوں کامیابی ملی؟ جو محنت ہے اس کا reward اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے ورنہ تو یہ اللہ تعالیٰ کی ناانصافی ہوتی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: میرا اپنا تجربہ ہے کہ ایک دفعہ میرا ایک مضمون کا پرچہ خراب ہوگیا۔ فیل ہونے کا امکان تھا۔ جب تک نتیجہ نہیں آیا میں دُعائیں کرتا رہا۔ اللہ تعالیٰ سے چمٹا رہا۔ نتیجہ نکلنے سے پہلے خود Examination بورڈ نے سوچا کہ پرچہ مشکل تھا۔ لہٰذا اُنہوں نے کچھ Grace Marks سب کو دیدئے جس سے میں بھی پاس ہوگیا۔

ایک بہن نے کہا کہ میرا چھوٹا سا سوال ہے۔ ہم کہتے ہیں خدا تعالیٰ ستّر ماؤں سے زیادہ شفیق ہے مگر بعض واقعات اور حادثات ایسے ہوتے ہیں کہ پھر ہم کہتے ہیں اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: سوال آپ کا چھوٹا ہے مگر اس کا جواب بہت بڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں فرمایا ہے کہ اگر میں انسانوں کو فوری سزا دینے پر آؤں تو اس کے نتیجہ میں یہ نہیں فرمایا کہ تمام انسانوں کو ختم کردوں بلکہ فرمایا دُنیا میں جو زندگی ہے اسے ختم کردوں۔ یعنی جس پہ تم depend کرتے ہو اُسے ختم کردوں۔ بہت ساری باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو اس کا علم ہوتا ہے کہ دُنیا کی اصلاح اس طرح کرنی ہے۔ یہ بات نہیں کہ صرف غریب ملکوں پر آفات آتی ہیں۔ پچھلے کچھ عرصہ سے امریکہ پر مختلف آفات آرہی ہیں۔ طوفان آرہے ہیں۔ پچھلے دنوں کینیڈا میں بھی سخت طوفان آیا۔ کیلگری میں کسی لڑکے نے مجھے پوچھا کہ غریب ملکوں پر کیوں آفات آتی ہیں۔ مَیں نے کہا امریکہ میں بھی آفات آتی ہیں، یہاں بھی آتی ہیں۔ میرے آنے کے بعد کیلگری (کینیڈا) میں ایسی طغیانی بارشیں ہوئیں کہ جو امیر لوگ ہیں اُن کے گھر بھی ڈوب گئے۔ **اللہ تعالیٰ کو علم ہے اُس نے کہاں سزا دینی ہے اور کس طرح اصلاح کرنی ہے۔ امیر بھی مرتے ہیں لیکن امیروں کی زندگیاں غریبوں پر، عوام الناس پر depend کررہی ہوتی ہیں۔** اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں تمہیں ختم کرنے کے لئے کسی کو بھی ختم کرسکتا ہوں۔

ایک بہن نے سوال کیا کہ اُن کی غیر از جماعت سہیلی نے عید میلاد النبیؐ

کے موقع پر اپنے گھر میں ایک جلسہ کیا ہے اور شرکت کی دعوت دی ہے۔ کیا وہاں شمولیت درست ہے؟ حضور نے دریافت فرمایا کہ اُن کا اس تقریب میں کیا کرنے کا ارادہ ہے؟ عرض کیا گیا کہ اُن کا طریقہ مختلف ہے۔ نعتیں پڑھی جاتی ہیں۔ آخر میں تمام حاضرات اُٹھ کر کھڑی ہو جاتی ہیں کہ آنحضورﷺ کی سواری آ رہی ہے۔

